# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 20 جون 2022ء بمطابق 20 ذیقعد 1443 ہجری بعد از دوپہر دو بجکر بیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔

وَاذکُرُو انِعمَۃَ اللّٰہِ عَلَیکُم وَمِیثَاقَہُ الَّذِی وَاثَقَکُم بِہٖO اِذقُلتُم سَمِعنَا وَاَطَعنَاوَاتَّقُوا اللّٰہَ اِنَّ اللّٰہَ عَلِیمٌ بِذَاتِ الصُّدُورِO یٰاَیُّھَا الَّذِینَ اٰمَنُوا کُونُوا قَوّٰامِینَ لِلّٰہِ شُھَدَآءَ بِالقِسطِ وَلَا یَجرِمَنَّکُم شَنَاٰنُ قَومٍ عَلٰٓی اَلَّا تَعدِلُوا O اِعدِلُوا ھُوَ اَقرَبُ لِلتَّقوٰی وَاتَّقُوا اللّٰہO اِنَّ اللّٰہَ خَبِیرٌ بِمَا تَعمَلُونَ۔

(ترجمہ): اللہ نے تم کو جو نعمت عطا کی ہے اس کا خیال رکھو اور اُس پختہ عہد و پیمان کو نہ بھولو جو اُس نے تم سے لیا ہے، یعنی تمہارا یہ قول کہ، "ہم نے سنا اور اطاعت قبول کی، اللہ سے ڈرو، اللہ دلوں کے راز تک جانتا ہے۔ اے لوگو جو ایمان لائے ہو! اللہ کی خاطر راستی پر قائم رہنے والے اور انصاف کی گواہی دینے والے بنو کسی گروہ کی دشمنی تم کو اتنا مشتعل نہ کر دے کہ انصاف سے پھر جاؤ عدل کرو، یہ خدا ترسی سے زیادہ مناسبت رکھتا ہے اللہ سے ڈر کر کام کرتے رہو، جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس سے پوری طرح باخبر ہے۔ وآخِرُ الدَّعوَانا أَنِ الحَمدُ لِلّٰہِ رَبِّ العٰلَمِینَ۔

## اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: Leave applications: جناب عنایت اللہ خان صاحب، 20 تا 28 جون 2022، جناب شفیع اللہ خان صاحب، 20 جون، جناب فیصل امین گنڈاپور صاحب، 20 جون، جناب محب اللہ خان صاحب، 20 جون، جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب، 20 جون، جناب عارف احمد زئی صاحب، 20 جون، جناب صاحبزادہ ثناء اللہ صاحب، 20 جون، جناب جمشید خان مہمند صاحب، 20 تا 24 جون، جناب آصف خان صاحب، 20 جون، محترمہ رابعہ بصری صاحبہ، 20 جون، سردار محمد یوسف صاحب، 20 جون، مفتی عبیدالرحمٰن صاحب، 20 جون، جناب محمد ریاض صاحب، 20 جون۔

Is it the desire of the House that leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

میرے خیال سے سب ابھی ابھی اپنے گھروں سے آئے ہیں، سب کو Active ہونا چاہیئے لیکن لگ تو یہ رہا ہے کہ آپ سب سوئے ہوئے ہیں، ماشاءاللہ۔

## سالانہ بجٹ برائے سال 23-2022ء پر عمومی بحث

جناب ڈپٹی سپیکر: ڈیبیٹ شروع کرتے ہیں، ہم نے پرسوں جہاں سلسلہ ختم کیا تھا، اس وقت میرے پاس محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ، سیریل نمبر 11 پر ہیں۔ جی شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: شروع کوم په نامه د خدائے چې بخښونکے او ډیر مهربان دے۔ ډیره مننه سپیکر صاحب، چې تاسو نن ماته په بجټ باندې موقع راکړه۔ زه به د خبرو شروع چې دے هغه د دې آفیشل ډاکیومنټ نه کوم، د حکومت د طرف نه ټولو ممبرانو ته او میډیا ته ورکړے شوے وو۔ ډیره د افسوس خبره دا ده چې مونږ په دې نه پوهیږو چې د موجوده حکومت دا نهم کال دے چې دوئ په حکومت کښې دی خو زه په دې نه پوهیږم چې دوئ ولې مجبوره شو چې په یو آفیشل ډاکیومنټ باندې چې کوم دے، دا زما په خیال د صوبې په تاریخ کښې ړومبې ځل دے چې یو آفیشل ډاکیومنټ باندې د یو پارټۍ جهنډا او بیا تاسو دې ته اوګورئ چې دا تشهیر کوم شوے دے، اوس دا تشهیر چې کوم شوے دے، دا ایډورټائزمنټ چې کوم شوے دے نو دا پارټی ولې دې ته مجبوره شوه چې دوئ

د صوبې په آفیشل ډاکیومنټ باندې، دا د صوبې په تاریخ کښې کله هم نه دی شوی، دا وړومبے ځل دے، زما په خیال دوئ په دې باندې مجبوره شو چې دوئ اوس اشتهار چې کوم دے دا دوئ په آفیشل ډاکیومنټ باندې ورکوی۔ زما به دا خواست وی، زما به دا مطالبه وی چې په دې باندې څومره هم پیسه راغلې ده، په دې آفیشل ډاکیومنټ باندې چې څومره پیسه راغلې ده، دا د حکومت پیسه ده، دا پیسه دې د بنی ګالا نه وصول کړې شی۔ جناب سپیکر، دویمه خبره دا ده چې دېکښې دا تاسو اوګورئ چې په اول ځل زمونږه د فنانس منسټر له پکار دا وو چې هغه اوس ناست وے ځکه چې دا بجټ سیشن دے، هغه خلقو ته جوابده دے، تاسو دې ته اوګورئ چې بیا په دیکښې د یو پارټۍ د سربراه نوم لیکل او اوس دا هم ډیره عجیبه خبره ده چې دلته د وزیراعلیٰ نوم پکار وو ځکه چې د صوبې مشر دے او دلته کښې د صوبې د نوم په ځائې د یو پارټۍ سربراه، دا ډیر د افسوس والا او عجیبه عجیبه کارونه دی چې حکومت کړی دی۔ زه دا بجټ چې کوم د پیج نمبر 5 نه شروع کوم، په دیکښې زمونږه د فنانس منسټر په خپل تقریر کښې دا وائی چې تیر دوه کاله کوم چې زمونږ وو، په هغې کښې دوئ د GDP د شرح خبره کړې ده چې دا 5.7 او 5.97 وه او پینځلس کالو کښې تیز ترین چې کوم Growth دے نو هغه دا دے۔ اوس تاسو دې ته اوګورئ، دا د دوئ خپل ډاکیومنټس چې کوم دی، په دېکښې تاسو اوګورئ چې کله د عوامی نیشنل پارټۍ دور وو، په هغه وخت کښې تاسو ټولو ته معلومه ده چې د دهشت ګردئ یو لهر وو، دهشت ګردی او د ترهه ګرئ دا ټوله صوبه ښکار وه، که پینځه سکولونه به جوړیدل نو لس سکولونه به تباه کیدل، دغه شان که مونږ د هسپتالونو خبره اوکړو، که دغسې مونږ په هر سیکټر کښې خبره اوکړو ځکه چې په هغه وخت کښې داسې د ترهه ګرئ حالات وو چې په هغې کښې د ترقیاتی کارونو خبره کول یا نورې خبرې کول هغه ډیره غټه خبره وه۔ اوس که تاسو دې ته اوګورئ چې په 2008-09ء کښې 1.7 به وه خو که بیا پینځه کاله پس تاسو اوګورئ په 2013ء کښې دا شرح چې کوم ده نو دا 4.1 یعنی په دېکښې 250 فیصد Increase شوے دے، دا د عوامی نیشنل پارټۍ په دور کښې په پنځه کالو کښې شوے دے۔ که بیا مونږه د پی ټی آئی نهه کاله اوګورو نو که تاسو دې ته اوګورئ چې دا د 4.1 نه

بیا که مونږه د 21-2020ء خبره اوکړو نو دا 140 فیصد سیوا شوے دے۔ دلته کښې زمونږه منسټر صاحب وائی چې په دیکښې ډیره زیاته اضافه شوې ده، ستاسو د دې پنځه کالو چرته خپل ډاکیومنټس چې په هغې کښې 250 فیصد دے او بیا ستاسو نهه کاله، تاسو اوګورئ چې په هغې کښې 140 فیصد اضافه شوې ده، نو دې ته دوئ څنګه وائی چې مونږه ډیره زیاته ترقی کړې ده؟ بیا که په پیج نمبر 7 باندې اوګورئ چې کوم دوئ د ایکسپورټ خبره کړې ده او دوئ دا وائی چې دا وړومبے ځل دے چې زمونږه په ایکسپورټ کښې دومره زیاته اضافه شوې ده، په دیکښې به زه بیا دا Comparison د عوامی نیشنل پارټئ چې کوم دے، هغه دوئ دلته پخپله Mention کړی دی، په 08-2007ء کښې تاسو اوګورئ چې دا 20.4 دے، بیا که مونږ 14-2013ءته راشو نو دا 30 فیصد اضافه د عوامی نیشنل پارټئ په دور کښې شوې ده، په پنځه کالو کښې، بیا د دوئ نهه کاله چې تاسو اوګورئ نو هغه دو فیصد هم نه ده، دا هغه آفیشل ډاکیومنټس دی چې دا بجټ سپیچ کښې زمونږه منسټر صاحب وئیلی دی۔ دا د ډیر خود دار خیبر پختونخوا بجټ دے، دا هغه خود دار بجټ دے، ظاهره خبره ده چې د پختونخوا څومره هم پښتانه دی، عوام دی، هغه خود داره دی، په دیکښې هیڅ شک نشته دے، ټول پښتون قوم خود داره دے خو دا هغه خود داره قوم دے چې هغه تاسو په خیراتونو مجبوره کړی دی، هغه تاسو دې حال ته راوستل چې تاسو خپله قرضه اوګورئ چې د 97 نه 887 ته اورسوله، بیا تاسو دا څنګه خپل ځان خود داره ګنړلے شئ؟ بیا په دیکښې چې کوم د فلاحی ریاست خبره کړې ده، په دیکښې مونږ تاریخی ګامونه پورته کړی دی، هغه تاریخی ګامونه چې په دیکښې دوئ د احساس خبره کړې ده، په هغې کښې په کورونا کښې مونږه په هنګامی بنیادونو باندې خلقوته نقد انعام ورکړے دے، نقدې پیسې مو ورکړې دی یا نقد امداد مونږ ورکړے دے، په دیکښې خو یو دا خبره ده چې هغه نقد کوم دے نو هغه خو مونږ چرته نه دی کتلی، بل دا چې د دې هسپتالونو سره سره چې کله د کورونا ټیسټ دے، تاسو اوګورئ چې پرائیویټ کښې په شپږ نیم زره روپئ دے، که یو ستوډنټ هغه د خپل ملک نه بهرته ځی نو تاسو ته پته ده چې په ائیرپورټ به هم دا وو چې تاسو ټیسټ اوکړئ، هغه په شپږ نیم زره روپئ وو،

اوس مونږ په دې نه پوهيږو چې په ديکښې فناس منسټر څه تفصيل نه دے ورکړے ، دوئ د 80 لاکھ روپو خبره کړې ده، 80لاکھ ضرورتمند لوگوں کو مفت رہائش اور کھانا،اوس جی دا په کوم ځائې کښې، دا لکه ډيره د افسوس خبره ده چې دا 80 لاکھ خلق څوک دی؟ مونږ خو په رمضان کښې د روژې غونډې برکتی مياشت کښې نه دی کتلی چې د حکومت له طرفه چا ته څه ملاؤ شوی وی، دا مختلف آرگنائزيشنز چې په هغې کښې سياسی گوندونه هم لگيا وو، خپل Activities ئے کول، مونږ خو د حکومت له طرف نه نه دی کتلی، په ديکښې دا تفصيل پکار دے چې منسټر صاحب وئيلې وې چې دا 80 لاکھ ضرورتمند خلق څوک دی؟ د دې کسانو خبره دوئ کړې ده چې د هغوی د پاره مونږ په ديکښې دا خبره کوؤ چې دلته کښې دا زمونږه د ايگريکلچر خبره ده، اوس دا خبره ما مخکښې هم کړې ده چې زمونږ د ايگريکلچر هغه خلق چې هغوی دلته نه بهر ملکونو ته ځی، پينځه پينځه کاله هغوی تير کړی سره د فيملی او هغوی پی ايچ ډی اوکړی او هغوی بيا دلته راشی، بيا د هغوی نه حکومت څومره فائده اغستلې ده؟ ځکه چې په هغوی باندې د سرکار د ومره پيسه اولگی او هغه بيا راشی، هغه بيا ليکچر ورکوی، بيا ټيچنگ کوی، آيا هغه چرته زميندار سره ناست دے ، چرته ئے دا وئيلی دی؟ بل دا چې (قطع کلامی) ما خو اوس تقرير شروع کړے دے ، مونږه تقريباً انتظار هم کړے دے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: نه جی، د ټولو ممبرانو لس لس منټه حق دے ، تاسو اوس اوکړو نو بيا۔

محترمہ شگفتہ ملک: جناب سپيکر صاحب، زه کوشش کوم چې ډير زر دا Windup کړم-----

جناب ڈپٹی سپیکر: زر نه جی، لس لس منټه ټائم دے۔

محترمہ شگفتہ ملک: ځکه زه غواړم چې ډير شارټ شارټ خبرې اوکړم او ډير زر Windup کړم۔ بل دوئ چې کوم د خيبر پختونخوا د ترقئ خبره کړې ده، د پنجاب نه او د سندھ نه زيات ترقی شوې ده، اوس تاسو ته خپله هم پته ده چې دلته

ځومره هم Executive agencies دی او بیا ټهیکیداران چې دی، د هغوی نه چې دوئ په کوم ترقیاتی مد کښې کټ لګولے دے نو دا ټول خلق په احتجاج دی، د روزانه په بنیاد ټهیکیداران په دې باندې احتجاج کوی، هغوی ته پیسې نه ریلیز کیږی۔ بیا دا خبره دوئ څنګه کوی؟ دوئ بله یو ډیره عجیبه غوندې خبره لیکلې ده چې د دهشت ګردئ ښکار صوبه چې کومه ده، دا د سرمایه کارئ مرکز شو، اوس دلته تاسو اوګورئ چې دلته ئے لیکلی دی چې '*کوکا کولا*' دا خو به منسټر صاحب لا پیدا هم نه وو چې دا '*کوکا کولا*' دلته په دې صوبه کښې ده، دا دلته Mention کول چې دا سرمایه کاری کول، بل دلته په دې صوبه کښې د Khyber Pakhtunkhwa Board of Investment چې کوم دے، زه به د هغې خبره کوم چې د هغې کار دا دے چې هغه دلته Investment راوړی، خلق دلته Convince کړی، تر اوسه پورې تاسو ماته دا اووایئ چې د هغې مشر په لکهونو کښې تنخواه اخلی، هغه په آټه لاکه ځان له کور نیولے دے، په هغې کښې ئے دفتر جوړ کړے دے، مونږ ته دې داسې یو MoU اوښائی چې دوبئ ته تلی وی او دوئ Sign کړی وی او هغه عملی شوی وی، دا صرف تر خبرو حده پورې شوی دی۔ زه به د قبائلو خبره کوم چې په قبائلو کښې ډیره د افسوس خبره ده چې دا شوی وی، زمونږه هغه پښتانه ورونړه خوئیندې چې ماته دوئ داسې یو میګا پراجیکټ نه شی ښودلے، دوئ د تین فیصد خبره کوی، په تین فیصد کښې دې ماته منسټر صاحب یا حکومت دا خبره اوکړی چې تر اوسه پورې څلور کاله دوئ په حکومت کښې په فیډرل کښې وو، دوئ تر اوسه پورې د وفاق نه ځومره پیسې راوړی دی، ځومره ترقیاتی پراجیکټس ئے راوړی دی، ځومره دوئ د وزیراعظم سره ناست دی؟ دوئ اوس دا خبره کوی چې مونږه د وفاق سره لګیایو، دا ټولې هغه خبرې دی۔ د سوشل ویلفیئر ډیپارټمنټ ډیره زیاته مهمه خبره ده چې په سوشل ویلفیئر ډیپارټمنټ کښې دوئ 3.5 بلین روپئ ایښودلې دی، زه دا وایم چې دا Token money ده، د دې ایلوکیشن تاسو اوګورئ هیڅ نشته دے، دا پیسې چې دی دا ټولې بیا Lapse شی۔ د زنانئ حوالې سره، د کونډو حوالې سره، د معذورو حوالې سره، د ماشومانو حوالې سره ځومره هم چې ادارې دی، هغوی ته یو روپئ نه ملاویږی۔ دا ډیره ښه خبره ده چې دا پیسې ایښودلې شوی دی خو

پکار دا ده چې دا Utilized شي۔ بله د منشیاتو حوالې سره ډیره ضروري خبره ده، زه د پېښور د کمشنر صاحب ستائنه کوم چې ښه کار کیږی نو ظاهره خبره ده چې په موجوده وخت کښې دا کوم زمونږ د پېښور کمشنر چې دے هغه د منشیاتو په حوالې سره چې کوم Activity شروع کړی دی، د خلقو د علاج، د هغوی د روزګار، زه به دا خواست کوم چې پکار ده چې دا Continue اوساتلے شي۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کړئ جی۔

محترمہ شگفتہ ملک: او دوئ له چې کوم اتلس کروړه روپئ ئے ایښودلې دی، دا دې نورې هم زیاتې کړے شی خو دغه خلق چې کوم دی، دا زمونږه ځوان کول دے، دا ځوانان چې کوم دی دا ډیر زیات اوځغپلي شو۔ زه په اخره کښې خپل تقریر په دې شعر باندې ختموم، وائی چې:

زه به تر څو خپل قدم ستا په اجازه اخلم
عجیبه نه ده چې خپل کور په کرایه اخلم

ډیره مننه۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: تهینک یو۔ شیر اعظم صاحب، تاسو کښینئ جی، ستاسو نمبر نه دے، ستاسو نوم، ستاسو ریکویسټ ماله راغلے نه دے۔ تاسو خبرې کوئ، د آنریبل ممبرز نومونه ماله پارلیمانی لیډر درانی صاحب ټول راکړی دی۔ ستاسو پکښې نوم نشته دے، نورو پارلیمانی لیډرز هم د خپلو ممبرانو نامې جمع کړې دی، ستاسو نوم پکښې نشته، د نورو ممبرانو حق دے چې هغوی خبرې اوکړی، فی الحال لږ کښینئ جی۔ جناب بہادر خان صاحب، جناب ظفر اعظم صاحب، محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ، محترمہ عائشہ بی بی، موجود نہیں۔میاں نثار گل صاحب۔

میاں نثار گل: جناب سپیکر صاحب، آپ کا بہت بہت شکریہ۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ستاسو د ټولو نومونه په نمبر کښې دی۔

میاں نثار گل: یہ آج صوبائی بجٹ پر بحث ہو رہی ہے، اس سے پہلے بھی اس اسمبلی میں جتنے بھی صوبائی بجٹ پیش کئے گئے، ان پر بھی بحث ہو گئی، ہمارے ساتھ وعدے بھی ہوئے لیکن وہ وعدے ایفا نہ ہو سکے۔ آج آخری بجٹ ہے، اگر ہم حکومت سے ڈیمانڈ بھی کریں، میرے خیال میں مشکل ہو گا کہ حکومت اس وعدے کو پورا کرے لیکن اپنے خیالات اور اظہار اس ایوان میں اس لئے کر رہے ہیں کہ اس سے پہلے بھی حکومتیں گزری ہیں، جب صوبائی اے ڈی پی پیش ہوتی تھی، بجٹ پیش ہوتا تھا تو سارے پارلیمنٹیرین سے ان کے حلقوں کے متعلق سی ایم ہاؤس سے یا دوسری جگہ سے فون آتے تھے کہ آپ لوگ اپنی سکیمز دے دیں، آپ کی جو سکیمز ہیں لیکن چار سال ہو گئے ہیں ہمیں ابھی تک یہ پتہ نہیں چلا کہ ہم اپنے حلقے سے منتخب ہو کر آئے ہیں یا نہیں؟ لیکن میں ادھر جب کھڑا ہوتا ہوں، دیکھتا ہوں، جب بھی بجٹ تقریر ہوتی ہے، اس میں کرک کا نام آتا ہے میں PK-85 کرک کا منتخب نمائندہ ہوں، ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے اپنی بجٹ تقریر میں کہا کہ مجھے 31 ارب 74 کروڑ روپے آئل اینڈ گیس رائلٹی ملے گی لیکن میں یہ سوال کرنا چاہتا ہوں کہ ادھر تو بڑے فخر سے یہ بات کی جاتی ہے لیکن آپ کرک جائیں، آپ کرک کے حالات کو دیکھیں، ایک پارلیمانی کمیٹی بنائیں، چاہے اس 31 ارب 74 کروڑ میں سالانہ کرک کو جو دس فیصد رائلٹی ہنگو، کوہاٹ کو مل رہی تھی، وہ یہ حکومت دے رہی ہے یا نہیں دے رہی؟ آج تک ہمارے نو دس ارب روپے اس حکومت کے پاس ہیں، ہمارے لوگ تالابوں سے پانی پیتے ہیں، اگر بارش ہو جائے، اللہ مہربان ہو جائے، ہمارے تھوڑے بہت چشمے آ جاتے ہیں ورنہ پھر ہماری مائیں بیٹیاں اور لوگ گدھوں پر پانی لانے کے لئے جگہ جگہ پھر رہے ہوتے ہیں۔ میں ادھر بیٹھ کر وزیر خزانہ کی تقریر سنوں کہ مجھے 32 ارب کا ریونیو ملا اور تقریباً یہ روزانہ ایک ارب کا ریونیو جا رہا ہے۔ جناب سپیکر، جو سکیمیں ادھر منظور ہوتی ہیں یا جو اے ڈی پی ادھر اب منظور ہوئی ہے، میرے خیال میں یہ تقریباً تین چار اے ڈی پیز ہیں، پتہ نہیں آئندہ گورنمنٹ کس کی آئی گی؟ آپ ایسی سکیمیں کیوں ڈالتے ہیں اس اے ڈی پی میں جو آپ کے وقت میں Complete نہیں ہو سکتیں؟ ہو سکتا ہے کہ دوسری حکومت آپ ہی کی ہو یا کسی اور کی ہو لیکن آپ جب ایک سکیم ادھر منظور کراتے ہیں، اس کے لئے ایک ہزار روپے رکھتے ہیں اے ڈی پی میں، وہ دو تین کروڑ کی سکیم ہو گی، تو ایک ہزار میں وہ کس طرح سے شروع ہو گی؟ جناب سپیکر صاحب، برائے مہربانی آپ کی تین سال کی پرانی

سکیمیں جن علاقوں میں چل رہی ہیں، میرے خیال میں ہو سکتا ہے آپ کے علاقے میں فنڈ کافی ہو یا دوسرے علاقوں میں فنڈ کافی ہو لیکن ہم تو دیکھ رہے ہو کہ تین سال سے اس کے لئے کوئی بھی فنڈ نہیں ہے، روڈز تباہ ہو گئے، کنٹریکٹرز نے کام بند کیا ہے، اس لئے کہ ہمیں پیسے نہیں مل رہے ہیں۔ جناب سپیکر، میں دوسری بات یہ کروں گا کہ اس جگہ پر ہمارے وزیر خزانہ نے ایک اعلان کیا کہ میں نے چارسدہ کے لئے میڈیکل کالج منظور کیا، میں نے بونیر کے لئے کیا، میں نے دیر کے لئے کیا، میں نے ہری پور کے لئے کیا، ان لوگوں کو مبارک ہو، ان ضلعوں کے لوگوں کو مبارک ہو لیکن ہم بھی اس ایوان کے لوگ ہیں، ہمارا بھی ایک ضلع ہے، ہم بھی اس ایوان میں بہت اربوں روپے روزانہ دے رہے ہیں، میں نے وزیر اعلیٰ صاحب کو اس دن خط لکھا اور کہا کہ برائے مہربانی آپ کرک پر بھی مہربانی کریں کیونکہ کرک کے لئے کچھ بھی نہیں ہوا، اس نے مجھ سے وعدہ کیا کہ میں اپنی بجٹ تقریر میں کرک کے لئے میڈیکل کالج Announce کروں گا، اللہ تعالیٰ کرے لیکن ہم ناراض ہوں گے، چارسدہ بھی ہمارا، بونیر بھی ہمارا ہے، آپ کا حلقہ بھی ہمارا ہے لیکن ہم جنوبی اضلاع والے بہت پسماندہ لوگ ہیں، پہاڑوں میں رہتے ہیں، ہماری سڑکیں نہیں ہیں، ہم پانی کی تلاش میں پھرتے ہیں، میری آپ کی وساطت سے ریکویسٹ ہو گی کہ جتنا تیل آپ کرک سے لے کے جا رہے ہیں اتنا ہی ہمیں پانی دے دیں، پھر بھی ہم خوش ہوں گے لیکن جب اربوں کی رائیلٹی مرکز کو جا رہی ہے اور صوبے کو جا رہی ہے، صوبہ ہمیں اپنا حق نہیں دیتا، شیر اعظم صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، میں ایک تجویز پیش کرتا ہوں، مرکز میں پہلی حکومت آپ کی تھی، اب پی ڈی ایم حکومت بھی آ گئی، دوسری پارٹی بھی آ گئی، ادھر آپ لوگ کہتے ہیں کہ ہم پر کٹ لگا، مرکزی حکومت ہمیں پیسے نہیں دیتی، میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ آپ لوگوں نے چار سال میں اپوزیشن کو کتنا پیسہ دیا؟ میری وزیر اعظم سے اپنی پارلیمانی لیڈرز کی وساطت سے یہ درخواست ہو گی کہ یہ صوبہ بھی ہمارا ہے، یہ 43 حلقے بھی اس صوبے کے ہیں، اگر آپ صوبائی حکومت پر جو کٹ لگاتے ہیں، وہ اپوزیشن حلقوں میں Shift کر لیں، کم از کم ایک سال کی محرومیت ہماری اس میں ختم ہو جائیگی، ہم آپ کے ساتھ ہیں، صوبائی حقوق کے لئے جب بھی آپ اٹھیں گے، ہم آپ کے ساتھ ہونگے لیکن جب آپ اربوں روپے سونامی ٹریز پر لگاتے ہیں اور وہ اربوں روپے کے روزانہ کے حساب سے جب سوات میں، شانگلہ میں، مری میں جگہ جگہ پر جنگلات جلتے ہیں تو پھر

سوالات اٹھیں گے، انگلی اٹھے گی کہ آیا یہ ایسا تو نہیں ہے کہ سونامی ٹریز پر تحقیقات آنے والی ہیں اور کل خدانخواستہ اس پر انکوائری ہو گی۔ یہ صوبہ ہمارا ہے، اس پر ہم نے سوچنا ہو گا، اس کی ساری چیزوں پر سوچنا ہو گا۔ ادھر ہمارے ساتھ پچھلی تقریر میں وعدہ ہوا کہ ہم کرک میں ریفائنری بنائیں گے، ہزاروں کنال زمینیں ہمارے لوگوں سے لی گئی ہے، بجٹ تقریر میں بھی اعلان ہوا لیکن ابھی تک اس پر ایک اینٹ کا کام بھی نہ ہو سکا، ہمارا تیل اب بھی پنڈی جارہا ہے اور ہمارا تیل اب بھی کراچی جارہا ہے۔ میں کیا کہوں، آپ لوگوں سے کیا مانگوں؟ کیونکہ صحت کارڈ کی تعریف ہوتی ہے جناب سپیکر صاحب، میں Appreciate کرتا ہوں، یہ غریب لوگوں کے لئے اچھی بات ہے، میں حکومت کو بھی Appreciate کرتا ہوں کہ آپ نے یہ کارڈ شروع کیا لیکن برائے مہربانی یہ بھی آپ پوچھیں کہ یہ سنا جارہا ہے کہ ایک کارڈ پر جب ایک مریض کا خرچ ہوتا تو بیس ہزار کے بجائے اس پر ایک لاکھ روپے نکالا جاتا ہے۔ سنا جارہا ہے کہ جن ہسپتالوں کو رجسٹرڈ کیا جا رہا ہے، ان سے چالیس چالیس لاکھ روپے لئے جارہے ہیں اور ادھر ہم تعریفیں سن رہے ہیں کہ اس پر اربوں روپے خرچ ہو رہے ہیں، پھر یہ ان لوگوں کے ذمے ہوں گے جو اس صوبے کے ہیں، ادھر ہماری اسمبلی لابی میں بھی بہت باتیں ہو رہی ہیں، آپ کی کرسی ہماری عزت ہے، سنا ہے کہ اسمبلی میں کچھ پوسٹیں آئی ہیں، لابی میں یہ بات ہو رہی ہے کہ ایک ایک پوسٹ کی ساٹھ (60) لاکھ، ستر (70) لاکھ، اسی (80) لاکھ پر، تو ہم حیران ہو رہے ہیں کہ کم از کم ایسی باتیں نہیں ہونی چاہئیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: بجٹ پر بات کریں۔

میاں نثار گل: یہ بجٹ پر بات ہے، اسمبلی کی بات ہے، اس سیشن کی بات ہے، برائے مہربانی اس کی بھی آپ تحقیقات کر لیں، خدانخواستہ ایسی کوئی بات نہ ہو کہ کل اسمبلی ممبران یا آپ کی چیئر یا کوئی اور چیز سکینڈل میں آرہے ہوں اور لوگ کہیں کہ جی لاکھوں کی سرگوشی کی بات حقیقت بن گئی ہے۔ میں پھر بھی آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، پشاور ڈی آئی خان موٹروے کی بات ہوئی، اللہ کرے کہ بنے، یہ قرارداد میں نے ادھر پیش کی تھی، چار سال ہو گئے ہیں اسمبلی میں صرف اس پر بات ہو رہی ہے لیکن Practically ہم چاہتے ہیں کہ ہر جگہ کو موٹروے بنایا جائے، ہمارا جنوبی اضلاع میں بھی موٹروے آنا چاہیئے۔ میں پھر بھی آپ سے ریکویسٹ کروں گا کہ اے ڈی پی میں ہمارا جو بھی حصہ ہے وہ ہمیں دیں یا نہ دیں لیکن جن ضلعوں کا

آئل اینڈ گیس رائیلٹی میں حصہ ہے وہ کوہاٹ، کرک، بنوں، ہنگو یا جو بھی ہوں، ان کو اپنا حصہ ملنا چاہیئے، اس لئے کہ وہ بہت پسماندہ علاقے ہیں، جنوبی اضلاع بہت پسماندہ ہیں۔ آپ نے ادھر تقریر سنی کہ ہزارہ والے کہہ رہے ہیں کہ ہمیں اپنا صوبہ چاہیئے، ہم بھی چھ سات، آٹھ اضلاع ہیں، تیل بھی نکالتے ہیں، گیس بھی نکالتے ہیں، یورینیم بھی ہمارے پاس ہے، پھر ایسا نہ ہو کہ ہم بھی یہ ڈیمانڈ کریں کہ اگر ہمارا استحصال اس اسمبلی میں ہو رہا ہے تو پھر جنوبی اضلاع کو بھی صوبے کا حق دیا جائے کیونکہ کم از کم ہم اپنے حقوق کے لئے ادھر تو لڑیں، پشاور آپ کو مبارک ہو، سوات آپ کو مبارک ہو، ایبٹ آباد آپ کو مبارک ہو لیکن ہم بھی اس صوبے کے لوگ ہیں، اس علاقے کے لوگ ہیں، ہم پانی کے لئے پھر رہے ہیں، ہمارے ہسپتال نہیں ہیں، ادھر ہم سے چار سال میں یہ نہیں پوچھا گیا کہ جی آپ لوگوں کا کوئی حق بھی ہے کہ جی آپ لوگ منتخب نمائندے ہیں، آپ کو ایک سکول ملنا چاہیئے تھا۔ کم از کم آپ انصاف کی کرسی پر بیٹھے ہوئے ہیں، میں آپ سے یہ درخواست کرتا ہوں کہ کم از کم جو سکیمیں آپ لوگوں نے ہمارے علاقے میں شروع کی ہیں، اس کے لئے فنڈ تو دے دیں۔ جناب سپیکر، ان شاءاللہ و تعالیٰ ہمیں یہ Suggestion آگئی کہ آپ پر جو کٹ لگ رہا ہے، اللہ کرے کہ اگر ہمارے حلقوں میں کچھ آ جائے تو ان شاءاللہ و تعالیٰ ہم ان پیسوں کو آپ کی طرف بھی Shift کر لیں گے لیکن مرکز نے یہ فیصلہ اس لئے کرنا ہوگا کہ آپ لوگوں نے چار سال اپوزیشن کو استحصال میں رکھا۔ بہت شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب رنجیت سنگھ صاحب۔

جناب رنجیت سنگھ: شکریہ جناب سپیکر، میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ آپ نے مجھے اس بجٹ پر بات کرنے کا موقع دیا۔ اگر میں پچھلے دو سال کے بجٹ کی بات کروں تو ہم دیکھ رہے تھے کہ وزیر خزانہ صاحب نے یہاں پہ ایک بڑی بہترین تقریر کی تھی، اس میں بڑے اچھے الفاظ میں ہمیں بتایا کہ اس دفعہ ہم نے اقلیتوں کے لئے یہاں پر اتنے فنڈز رکھے ہیں لیکن مجھے یہاں محسوس ہوا کہ اس دفعہ وہ جو تقریر کر رہے تھے اس میں اقلیتوں کے لئے صرف انہوں نے یہ ضرور بتایا کہ ہم نے 45 کروڑ روپے رکھے ہیں لیکن ان کی اس دفعہ کی تقریر ایک پرجوش تقریر ہمارے لئے نہیں نظر آ رہی تھی کیونکہ ہم یہ دیکھ رہے تھے کہ اس دفعہ جو بھی فنڈز ہمارے لئے رکھے گئے تھے وہ اس بجٹ کو استعمال کرنے میں ناکام رہے کیونکہ ہمیشہ کی طرح اس

دفعہ بھی جو بجٹ ہمارے لئے رکھا گیا ہے، میں یہ کہوں گا کہ یہ گھسا پٹا بجٹ ہے۔ اگر میں آج سے پندرہ سال بھی پیچھے چلا جاؤں تو جو سکیمیں اقلیتوں کے لئے رکھی جاتی تھیں وہ آج بھی وہی سکیمیں ہیں۔

(اس مرحلہ پر رکن اسمبلی، جناب رنجیت سنگھ کچھ دیر کے لئے خاموش رہے)

جناب رنجیت سنگھ: جناب سپیکر صاحب، چونکہ فنانس منسٹر بھی نہیں ہیں تو میں اس لئے خاموش ہو گیا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، فنانس منسٹر نہیں ہیں، باقی منسٹرز ہمارے پاس ہیں۔

جناب رنجیت سنگھ: باقی منسٹرز ہیں لیکن میں تو چیئر سے مخاطب ہو سکتا ہوں، اس لئے میں نے خاموشی اختیار کی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی آپ Continue کر لیں۔

جناب رنجیت سنگھ: اس سے بھی ایک منٹ ضائع ہو گیا۔ جناب سپیکر، میں یہ کہنا چاہ رہا تھا کہ اے ڈی پی کے اندر فنڈز ضرور رکھے جاتے ہیں لیکن افسوس اس بات کا ہے کہ آج تک ہم سے کسی نے کبھی یہ نہیں پوچھا کہ ہم اقلیتوں کے لئے فنڈز تو ضرور رکھ رہے ہیں لیکن آپ لوگوں کے مسئلے مسائل کیا ہیں، ہم کس مد میں آپ کے لئے پیسے رکھیں؟ ایک سکیم تھی جو پچھلے سال رکھی گئی، ہم آپ کے لئے شمشان گھاٹ اور ہماری باقی اقلیتوں کے لئے قبرستان خریدیں گے، جن میں کسی پر بھی کوئی عمل نہ ہو سکا، آج تک نہیں خریدے گئے۔ اسی چیز کو دوبارہ Revise کرا دیا گیا، ہم سے پچھلے سال 22-2021ء کے بجٹ میں یہ کہا گیا کہ یہ فنڈز آپ کے لئے ہم نے رکھے ہیں، ہم آپ کے بچوں کو کاروبار کے لئے گرانٹ دیں گے لیکن نہیں دے سکے۔ ہم سے یہ کہا گیا کہ ہم آپ کے بچوں کو سکالرشپ دیں گے، پچھلے سالوں کے دے رہے ہیں لیکن نئی سکالرشپ دینے میں اوقاف ڈیپارٹمنٹ ناکام رہا، ابھی بھی Distribution نہیں ہوئی اور نہ ہی کر سکے۔ پھر اسی طرح اگر میں آپ سے کہوں کہ انہوں نے کہا کہ ہم آپ کے مذہبی تہوار منائیں گے، ہم ضرور منا رہے ہیں لیکن پچھلے سالوں کے فنڈز استعمال کر کے منا رہے ہیں، رات کو بھی منا کر آیا ہوں لیکن منانے میں ناکام رہا۔ میرا مقصد ہے، آج یہ آپ بار بار ہمیں کہتے ہیں کہ آپ بجٹ پر بات کریں، ہم بجٹ سے باہر نہیں جائیں گے، ہم بجٹ پر ہی بات کریں گے، اگر میں بات کروں کہ اس دن ہمارے کامران بھائی

Specially کہہ رہے تھے کہ قبائل میں ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے بچے پڑھے لکھے ہوں، میں ان سے مخاطب اس لئے ہوں کہ ان کی بات ہمیں یاد ہے، کامران بھائی سے Specially کہوں گا کہ اس بات کی طرف، Last year آپ نے ہمارے قبائلی اضلاع کے بچوں کے لئے اے ڈی پی میں تیس (30) کروڑ روپے رکھے، ہم نے ان اقلیتی برادری کے لئے ڈیویلپمنٹ کے نام پر تیس (30) کروڑ روپے رکھے جس کو او قاف ڈیپارٹمنٹ منظور نہ کرا سکا۔ اسی طرح اگر ہم وہاں کی بات کریں تو مسیحی سکول کے بچوں کے لئے سکالرشپ کے نام پر پانچ کروڑ روپے، کامران بھائی، رکھے گئے تھے لیکن اس کو او قاف ڈیپارٹمنٹ منظور نہ کروا سکا، وہ پیسے بھی چلے گئے۔ مالی سال 22-2021ء میں قبائلی اضلاع کی اقلیتی برادری کے لئے کوئی Utilization نہ ہو سکی، مطلب جو چیزیں تھیں، وہ پیسے او قاف ڈیپارٹمنٹ استعمال نہ کروا سکا۔ ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے جب اس دن کہا، انہیں خود بھی اپنے او قاف ڈیپارٹمنٹ کے حالات کا پتہ تھا اس لئے وہ پر جوش طریقے سے ہمیں نہیں بتا رہے تھے کہ ہم اقلیتوں کے لئے یہ کر رہے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ میں یہاں پر یہ ضرور جاننا چاہتا ہوں کہ جب اقلیتوں کے لئے آپ فنڈز مختص کرتے ہیں تو مجھے آئیڈیا نہیں ہے، مجھے لگتا ہے کہ جیسے مجھ سے آج تک چار سالوں میں نہیں پوچھا گیا، کاش ہمیں بھی بلایا جاتا تو ہم سے ضرور پوچھتے کہ آپ اپنے بچوں کے لئے اس اے ڈی پی کے اندر کیا کرنا چاہتے ہیں، اقلیتی برادری کو کیا مسائل ہیں؟ ہم تو چار سال سے تقریر بھی کرتے ہیں لیکن ہماری تقریر شمشان گھاٹ سے آج تک باہر ہی نہیں نکل رہی ہے، باقی ہم ڈیمانڈ کیا کرتے؟ جہاں پر مینارٹیز کے لئے ہم چاہتے تھے کہ اس میں کوئی ہاؤسنگ سکیم رکھی جاتی، پچھلی دفعہ بھی اسی طرح کہا گیا لیکن کچھ ہے نہیں، اگر ہم سے مشورے لئے جاتے تو ہم ضرور بتاتے کہ اقلیتوں کو اس وقت موجودہ کونسے مسائل درپیش ہیں؟ اسی طرح ہم چاہتے تھے کہ بچوں کے لئے کوئی لیپ ٹاپ سکیم رکھی جاتی جہاں ہماری مینارٹیز کے بچوں کو بھی کیونکہ مینارٹیز یہاں بہت کمزور ہیں، ان کی اتنی سکت نہیں ہے کہ وہ بچوں کو پڑھا بھی سکیں۔ آج ایک ایسا دور ہے کہ جس میں لیپ ٹاپ ہونا ہر سٹوڈنٹ کے لئے ضروری ہے، اگر ایسی ہی کوئی ایک سکیم رکھ دی جاتی تو وہ ہمارے بچوں کو کافی فائدہ مل سکتا تھا لیکن شاید اقلیتوں کے لئے ان چیزوں کی طرف کوئی سوچ ہی نہیں ہو، وہی ایک دس بارہ سالہ پرانی جو جو چیزیں چل رہی تھیں، انہی کو دوبارہ ڈال دیا جاتا ہے، انہی کو رواں کر دیا جاتا ہے اور وہ بھی استعمال میں نہیں

آتیں، وہ پیسے Lapse ہو جاتے ہیں یا توان سکیموں کو ڈراپ کر دیا جاتا ہے۔اسی طرح اگر میں بات کروں کہ مینارٹیز کے بچوں کے لئے اس سے ہٹ کر اگر میں گوردواروں کی بات کروں تو آپ بڑے اچھے طریقے سے جانتے ہیں کہ Last year بلکہ کئی سالوں سے ایک سکیم چل رہی تھی، ہم کہتے تھے، ہمارے لئے شمشان گھاٹ خریدیں جو نہیں خریدی جا سکی، اب مجبوری یہ ہے کہ پورے صوبے کے اندر ہمارا ایک شمشان گھاٹ جو خیر آباد میں ہے۔یہاں پر ہمارے لئے روڈز کی مد میں تو بہت رکھے جاتے ہیں، آدھا کلو میٹر کا روڈ ہم بار بار وزیر زادہ صاحب کو بھی کہہ چکے ہیں، وہ روڈ بنانا آپ کے لئے مشکل رہا ہے، ان کے لئے کم سے کم ہمارے پورے پاکستان کے اندر اگر یہ ایک آدھا کلو میٹر روڈ بنا دیا جاتا ہمارے مشورے سے تو وہ بھی کریڈٹ آپ کی حکومت کو جاتا، فائدہ ہماری مینارٹیز کو ہو جاتا لیکن افسوس کی بات ہے کہ مشورہ نہیں لیتے لیکن میں آج بتا رہا ہوں، اگر فنانس منسٹر اس چیز کو شامل کریں تو یہ اقلیتوں کو بہت بڑا فائدہ ہوگا، صوبہ بھر کے جتنے لوگوں کی بھی Death ہوتی ہے وہ شمشان گھاٹ کے لئے اٹک خیر آباد جاتے ہیں، جس کا روڈ اس وقت موجودہ ٹائم میں بالکل بیکار ہے۔اسی طرح اگر ہم لوگوں سے مشورہ لے لیا جاتا تو ہم چاہتے تھے، ہمارے لئے کوئی ایمبولنس کا بندوبست کر لیں کیونکہ ہماری جب بھی کوئی فوتگی ہوتی ہے تو ہماری Dead body کو لے جانے میں بہت مشکلات ہوتی ہیں، اگر تمام گردواروں اور مندروں میں ایک ایک ایمبولنس دے دی جاتی تو ہمیں Dead body لے جانے میں ہمیں بڑی سہولت ہوتی کیونکہ آپ اچھی طریقے سے جانتے ہیں کہ اگر ہم اس کے لئے جو جہاں پر کوئی فوتگی ہوتی ہے وہ اپنے پیسوں سے ہی گاڑیاں کرواتے ہیں، اس کو لے کر اٹک تک۔جناب سپیکر، یہ بڑے دو چار مسائل ہیں، کوئی نہیں بولے گا، اگر آپ مجھے ایکسٹرا دو منٹ دے دیں گے تو میں آپ کا شکریہ ادا کروں گا کیونکہ مزید پوری اقلیتوں کی بات ہے، صوبے کی بات ہے۔۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> ٹھیک ہے جی، آپ دو منٹ لے لیں۔

<u>جناب رنجیت سنگھ:</u> سر، میں آپ کا مشکور ہوں، اسی طرح چونکہ میرا ضلع کوہاٹ ہے، میں ایک چھوٹی سی ڈیمانڈ ضرور رکھتا ہوں کہ ہمارا ڈی ایچ کیو ہاسپٹل کوہاٹ ہے، اس کو آج کیٹیگری اے کا نام ضرور دیا گیا ہے لیکن وہاں بالکل سہولت نہیں ہے، جیسے ابھی ایم پی اے صاحب نے بھی کہا کہ وہاں سے ہمارا سارا دباؤ پشاور

کی طرف ہوتا ہے اور جو بھی ہوتا ہے Referred to Peshawar ہوتا رہا ہے۔ اس دفعہ اس کو ضرور وہ تمام سہولیات دے دی جائیں کیونکہ ہمارے ضلع کے اوپر بہت سارا بوجھ ہے، اگر وہ لوگ وہاں پر ہی Facilitate ہو جائیں تو انہیں پشاور ٹرانسفر کرنے کی ہمیں ضرورت نہیں پڑے گی۔ میں نے اگر آپ کو یاد ہے کہ کچھ عرصہ پہلے اوقاف کے حوالے سے جب بات ہوئی تو میں نے ظہور صاحب سے بھی ریکویسٹ کی تھی کہ آپ نے صوبہ بھر کے تمام مساجد کو Solarized کیا، اگر اسی طرح ہمارے صوبے کے اندر جو ہمارے مندر ہیں، گردوارے اور چرچز ہیں، اگر ان کو بھی Solarize کر دیا جائے تو ہمیں بھی اتنی خوشی ہو گی جتنی ہماری مساجد کو Solarize کرنے پر ہوتی ہے۔ اگر چند مندر، گردوارے اور چرچز کو Solarize کر دیتے تو، آج ان کے بل ہماری کمیونٹی ماہانہ چندے پر اس کے وہ بل ادا کرتی ہے، یہ بہت بڑا مسئلہ ہے۔ چونکہ حالات ایسے چل رہے ہیں کہ وہ بل دینا بڑا مشکل ہوتا جا رہا ہے، اگر آج آپ یہاں پر ہمیں اس چیز میں کچھ سہولت دلا دیں تو ہمارے لئے بہت بہتر ہو جائے گا۔ اس سے ہٹ کر جہاں پر میں یہ چاہتا ہوں کہ ایجوکیشن کارڈ جو بنایا جا رہا ہے، اس میں بینارٹیز کا ایک اپنا کوٹہ ہو، بینارٹیز کے بچوں کو، تو یہ بہت بڑا کریڈٹ جائے گا، بینارٹیز کے بچے بھی اسی طرح آگے آسکیں گے جس طرح ہمارے اور تمام پڑھے لکھے بچے آ رہے ہیں۔ میں نے آپ سے ایک منٹ ایکسٹرا مانگا تھا، میں اپنے پوائنٹس چھوڑتا ہوں، چونکہ یہ بجٹ کا سیشن چل رہا ہے، میں صرف ایک چھوٹی سی بات کرنا چاہ رہا تھا کہ دو دن پہلے کابل میں ہمارے گردوارے میں دھماکہ ہوا جس میں ہماری سکھ کمیونٹی کے لوگ بھی شہید ہوئے اور ہمارا ایک مسلمان بھائی بھی اس میں شہید ہوا۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ بجٹ پر ہی بات کریں۔

جناب رنجیت سنگھ: سر، میں بالکل بجٹ پر لیکن میں نے اسی لئے اپنا ایک منٹ چھوڑا کہ وہ صرف ایک مذمتی بیان دینا چاہتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، وہ بعد میں، بجٹ سیشن میں ایکسٹرا باتیں نہیں ہوں گی، تھینک یو۔

جناب رنجیت سنگھ: ہم اس کی شدید مذمت کرتے ہیں اور وفاق سے درخواست کرتے ہیں کہ۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ جناب خوشدل خان صاحب۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ جناب سپیکر صاحب، ډیره مننه، یو ریکویسټ مو کولو، که ستاسو اجازت وی نو زه یو دو سیکنډو د پاره لیګل نکات باندې خبره کوم، Express کوم که اجازت وی؟

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی۔

Mr. Khushdil Khan Advocate: Sir, I would like to draw the attention of the honourable Members of this House to rule 142, which says that:

142. **General discussion on the Budget**. - (1) On the days allotted for general discussion on the Budget, the Assembly may discuss the Budget as a whole or any question of principle involved therein, but no motion shall be moved at this stage nor shall the Budget be submitted to the vote of the Assembly.

This is the first, second sub rule (2) says that:

(2) The Finance Minister shall have a general right of reply at the end of the discussion." And the third one:

(3) The Speaker may if he deems fit, prescribe a time-limit for speeches.

جناب عالی، اگر آپ (2) Sub rule پڑھ لیں تو اس میں واضح طور پر The Finance Minister shall have a right to give reply general، اب اس میں ایسی کوئی چیز نہیں دی گئی ہے، آپ تو قانون بھی بہر حال جانتے ہیں اور عمل بھی کرتے ہیں، اس میں کسی اور کی گنجائش نہیں ہے اور وہ بھی At the end of a discussion لکھا گیا ہے، جہاں پر یہ Shall آجاتا ہے تو یہ Mandatory بن جاتا ہے، لاء منسٹر کو پتہ ہوگا، میں یہ گزارش کروں گا کہ اس اسمبلی کا اور اس اجلاس کا وقت بہت قیمتی ہوتا ہے تو یہ جو بار بار اٹھتے ہیں یا کہتے ہیں، ہاں Ruling party کے ممبران کا یہ حق ہے کہ وہ جنرل ڈسکشن میں حصہ لیں جس طرح ہم لیتے ہیں لیکن وہ بھی ہماری طرح پہلے آپ کو Application دے گا، آپ کو پہلے چٹ بھیجے گا، پھر اس میں ان کے سیریل نمبر آجائیں گے اور وہ اپنے نمبر کا انتظار کریں گے، تین دن سے میں انتظار کر رہا ہوں۔ تھینک یو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں آپ کو ایک جواب دے دوں کہ بالکل آپ نے صحیح باتیں کیں، جس طرح جس نے سیریل نمبر پر ریکویسٹ کی ہے، میں وہی List maintain کر رہا ہوں، بابک صاحب نے ریکویسٹ کی

تھی، درانی صاحب نے کی تھی، میں تو جو Rules ہیں، الحمد للہ وہ Rules follow کر رہا ہوں، اسی طرح یہ Rules follow ہوں گے ان شاءاللہ۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: میں مانتا ہوں، I appreciate you لیکن میں آپ کی توجہ Sub rule (2) کی طرف مبذول کرانا چاہتا تھا کہ یہاں پر Finance Minister کا لفظ ہے اور کسی کا نہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: دا چې کومې خبرې ما اوکړې، دا به زما په ډسکشن کښې نه راځي، تهینک یو۔ میں بجٹ کا آغاز ایک شعر سے کروں گا:

یہ داغ داغ اجالا یہ شب گزیدہ سحر
وہ انتظار تھا جس کا یہ وہ سحر تو نہیں

جناب عالی، بجٹ جو ہوتا ہے، Under Article 120 یہ Receipts اور Expenditure of the Provincial Government اس سال کے لئے ایک مجموعہ ہوتا ہے کہ اخراجات کتنے ہوتے ہیں اور Receipts کتنے ہوتے ہیں؟ اگر ہم اس بجٹ کو دیکھ لیں، ان کے بھی جو اخراجات انہوں نے فنانس منسٹر صاحب نے بتائے، وہ بھی One thousand three hundred thirty two billion ہیں اور اس کا جو Receipt انہوں نے Show کیا ہے، وہ بھی The same figure ہے، 1332.00 ایک ہزار تین سو بتیس اعشاریہ زیرو زیرو وہی حرف ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ آیا اخراجات بھی وہی ہیں، ہمارے Receipts وہی ہیں، تو دیکھ لیں کہ اس میں کتنی Reality ہے، اس میں حقیقت کتنی ہے؟ یہ پچھلے سال کس طرح آیا یا یہ موجودہ مالی سال رواں ہے، اس میں جو ہم نے پچھلے سال رکھے تھے وہ ہمیں Receive ہو گئے ہیں یا نہیں ہو گئے؟ جتنا میں دیکھ رہا ہوں، جو Table کیا ہے، یہ کہ ابھی تک ہمیں Receipts میں وہی چیز نہیں ملی ہے جو ہم نے Claim کی ہے، لہذا میں اس موجودہ بجٹ کو، زیر تجویز بجٹ کو غیر متوازن کہتا ہوں، خسارے کا بجٹ کہتا ہوں، یہ اعداد و شمار کی حقیقت پر مبنی نہیں ہے۔ جناب سپیکر، دوسری بات آپ کی توجہ میں لانا چاہتا ہوں کہ یہاں پر جو ہم دیکھتے ہیں، اس اے ڈی پی میں، اس میں جتنی بھی سکیمیں

ہیں، وہ آمبریلہ سکیمیں ہیں، تمام پاکستان سے Block allocation کی ہیں، ملک کی سپیریئر عدالتوں کے فیصلے ہیں کہ آپ Block allocation نہیں کر سکتے ہیں، آمبریلہ سکیم کو نہیں لا سکتے ہیں، Reported judgment وہ PLD 2014 Supreme Court, page 131 اور یہ Larger Bench کی Judgment ہے، اس میں لکھا گیا ہے کہ Block allocation umbrella scheme غیر آئینی ہے۔ اس کی وجوہات یہ ہیں کہ یہاں پر صوابدیدی اختیار چیف منسٹر کو دیا جاتا ہے، پھر چیف منسٹر کی اپنی مرضی ہے کہ جس کو وہ جتنا فنڈ دینا چاہتے ہیں، جتنا ایک آدمی کو خوش کرنا چاہتے ہیں تو ان کو دیتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ چار سالوں سے اپوزیشن والوں کو وہی فنڈ نہیں مل رہا ہے جس طرح دوسرے ساتھیوں کو ملتا ہے۔ جناب سپیکر، اب دیکھنا یہ ہے کہ ہمیں اس بجٹ کو متوازن بنانے کے لئے ہمیں کیا اقدامات کرنے چاہئیں؟ میں آپ کو تجویز دینا چاہتا ہوں، آپ دیکھیں، ہمیں اپنے اخراجات کو کم کرنا چاہیئے، ہم اپنے اخراجات کو جب تک کم نہیں کریں گے تو پھر اس سے کام نہیں چلے گا۔ میں آپ کو مثال دے دیتا ہوں، دیکھیں، کرنٹ ہمارے جو جاریہ اخراجات ہیں وہ 2247.4 دو ہزار دو سو سینتالیس اعشاریہ چار ہیں اور دیگر دیگر کرنٹ اخراجات 111.4 ایک سو گیارہ اعشاریہ چار ہیں، ٹوٹل جو ہے وہ 358.8 تین سو اٹھاون اعشاریہ آٹھ، اب اندازہ لگائیں، ان کرنٹ اخراجات میں کیا ہے؟ ہنگامی اخراجات، O&M, Operation and Maintenance اخراجات اور دیگر کرنٹ اخراجات میں انہوں نے کوئی چیز نہیں لکھی، ان اخراجات کو آپ کم کریں، آپ گاڑیوں کو کم کر لیں، آپ فیول کو کم کر لیں، آپ Maintenance پر خرچ کیوں کرتے ہیں؟ یہاں آپ کے اخراجات آتے ہیں 358.8، جو کرنٹ ہیں، ان کو کم کرنا چاہیئے، یہ اس صوبے پر بوجھ ہے، غریب لوگوں کے ساتھ زیادتی ہے۔ جناب سپیکر، اب دوسری طرف آتے ہیں، اب جو ہماری صوبائی کیبنٹ ہے، اس میں پندرہ منسٹرز ہیں، چار ایڈوائزر ہیں، چھ معاونین خصوصی ہیں اور پانچ پارلیمنٹری سیکرٹریز ہیں، اب ان کے جب ٹوٹل اخراجات کو دیکھیں، منسٹروں کے علاوہ جو میرے پاس یہ بجٹ بک سے میں نے لیا ہے، یہ ہمارا بجٹ بک ہے، یہ اس کا ٹوٹل ایڈوائزر، اسپیشل اسسٹنٹ اینڈ پارلیمنٹری سیکرٹری کا خرچہ کتنا آتا ہے؟ یہ ہے 12 کروڑ 45 لاکھ چھ ہزار۔ اب سوال یہاں یہ پیدا ہوتا ہے، ایڈوائزر تو چلو آئین میں Provision ہے کہ ایک چیف منسٹر یا پرائم منسٹر پانچ ایڈوائز

رر کھ سکتے ہیں لیکن ایڈوائزر کا یہ مطلب نہیں ہے، ایڈوائزر کا مطلب ہے کہ آپ ایک ایکسپرٹ آدمی کو دیکھیں گے کہ اس سبجیکٹ کے بارے میں ان کو علم ہو، اس کے بارے میں ان کے پاس Qualification, experience ہو، یہ نہ ہو کہ آپ ہر ایک آدمی کو ایڈوائزر رکھیں، ایڈوائزر کا کام جو ہوتا ہے Prescription جو ہوتا ہے، Just to advise the Chief Minister ہوتا ہے۔ اسی طرح اسپیشل اسسٹنٹ کا، ان کا تو کوئی Provision نہیں ہے، ہاں ایکٹ میں ہے لیکن He is neither adviser, nor member of the Cabinet, under Article 130، نہ ہی خصوصی معاونین کیبنٹ کے ممبرز ہیں، نہ یہ کیبنٹ کی میٹنگز میں بیٹھ سکتے ہیں، نہ یہ سمری کو سائن کر سکتے ہیں، نہ یہ کوئی Executive orders پاس کر سکتے ہیں۔ اگر یہ کرتے ہیں تو میں ان کو یہ بتاتا ہوں کہ آپ آرٹیکل 123 دیکھیں، آپ آرٹیکل 129 دیکھیں تو پھر آپ کو پتہ ہو گا کہ ان کے یہ جتنے بھی ہیں یہ غیر آئینی اقدامات ہیں۔ اسی طرح پارلیمانی سیکرٹری کا There is no description of job، یہ کیا Job ہے؟ اگر آپ اپنے اتنے پیسے ان چیزوں پر خرچ کرتے ہیں، ان کو خوش کرنے کے لئے، تو ان میں کمی آنی چاہیئے کیونکہ یہ Extra burden صوبے کے Ex-chequer پر، یہ اس صوبے کے ساتھ زیادتی ہے، ہمارے وسائل کم ہیں، ہمارے Receipts کم ہیں، اخراجات ہمارے بڑھتے جارہے ہیں۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ دوسری طرف دلانا چاہتا ہوں، یہاں پر ہمارے ساتھ ایک ڈیپارٹمنٹ ہے اس کو ہم ایڈوکیٹ جنرل آفس کہتے ہیں، اب ایڈوکیٹ جنرل آفس کو آپ ذرا دیکھ لیں، آپ حیران رہ جائیں گے، میں بھی ایڈوکیٹ جنرل رہا ہوں، 2006ء میں ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل رہا ہوں، ہمارے ساتھ ٹوٹل پانچ ایڈوکیٹ جنرل اور ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل تھے، اب دیکھیں کہ ایڈوکیٹ جنرل ایک ہے، بالکل ٹھیک ہے، ان کے اخراجات Per capita کتنے ہیں؟ وہ ہائی کورٹ کے ایک جج کے برابر ہیں، ہائی کورٹ کے جج کی آج کل تنخواہ دس لاکھ تک ہے، ان کا فیول فری ہوتا ہے، یہاں ہمارے صوبے میں بائیس (22) ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل ہیں، اسسٹنٹ ایڈوکیٹ جنرل اکیس (21) ہیں، ایڈوکیٹ On record تین ہیں لیکن ساتھ ہی ہمارا ایک Prosecution directorate ہے، وہاں پر ہمارے پراسیکیوٹرز ہوتے ہیں، اب اس کے ساتھ لاء ڈیپارٹمنٹ اٹارنی ہوتا ہے، اگر ہاؤس ان کے اخراجات پوچھ لے، کیونکہ ہم ہی ان کو پیسے دیتے

ہیں، یہ بجٹ ہم پاس کرتے ہیں، جب آپ ایڈوکیٹ جنرل کے دفتر سے پوچھیں کہ آپ دن میں کتنے کیسز کرتے ہیں، حکومتی کتنے کیسز ہوتے ہیں، حکومت کے Favour میں کتنے کیسز Decide ہوتے ہیں؟ آپ کتنی مراعات لیتے ہیں، تو یہ کتنے اخراجات ہیں؟ جب 2006ء میں ہم پانچ ایڈیشنل ایڈوکیٹ جنرل پر Accountant General آفس چلا سکتے تھے تو آج کیا ہوا ہے؟ میں یہ کہتا ہوں کہ اس صوبے کی خاطر ان کے اخراجات کیونکہ اب ان تمام پر میرے خیال میں بیس (20) کروڑ روپے سے زیادہ اب آتے ہیں۔ یہ جو ہمارے اخراجات ہیں، اگر ہم متوازن بجٹ بنانا چاہتے ہیں، عوام کو دینا چاہتے ہیں تو پھر ہمیں اخراجات کو کم کرنا ہے، ہماری آسائش و زیبائش کو کم کرنا ہوگا، شاہانہ نظام افسران کو ختم کرنا ہوگا، مطلب جتنے بھی بیوروکریٹس ہیں، جتنے بھی سیکرٹریز ہوتے ہیں، ان کے بنگلوں میں تین تین چار چار گاڑیاں کھڑی ہوتی ہیں، کوئی پراجیکٹ سے لیتا ہے، کوئی کہیں اور سے لیتا ہے، ان کے بچے اس میں مزے کرتے ہیں، ان کے بچے عیاشی کے لئے استعمال کرتے ہیں، اس پر کوئی چیک نہیں ہے، ان سے کوئی پوچھنے والا نہیں ہے کہ آپ اتنی اتنا فیول کس لئے استعمال کرتے ہیں، یہ فیول کہاں سے آتا ہے؟ یہ خرچے اگر ہم کم کرلیں، اسلام بھی ہمیں یہ حکم دیتا ہے کہ آپ اپنے حساب کو کم کرلیں، اس پر چیک رکھنا چاہیئے۔ اب آتے ہیں کہ ہم وسائل کو کس طرح۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کریں جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: مجھے ایک دو منٹ دے دیں، میں بالکل کوئی سیاسی بات نہیں کروں گا، میں نے صوبے کے اور۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: دو منٹ دے دیئے، آپ دو منٹ سے زیادہ نہیں کریں گے، آپ نے خود کہا ہے کہ دو منٹ، ٹھیک ہے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: اب میں آتا ہوں، ہمارے جو Receipts ہیں، آپ کی توجہ چاہتا ہوں، ہمارے جتنا بھی Main receipt، وہ ہمارے وفاقی ٹیکس پر منحصر ہوتا ہے۔ دوسرا یہ ہمارے این ایف سی ایوارڈ پر منحصر ہے، ساتھ ہمارے اس نیٹ ہائیڈل پرافٹ پر منحصر ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ این ایف سی ایوارڈ، ہاؤس کو معلوم ہے کہ این ایف سی ایوارڈ جو ہوتا ہے وہ آرٹیکل 160 کے تحت دیا جاتا ہے، یہ 2008ء

میں 7th National Finance Commission کا ایوارڈ منظور ہو چکا تھا، اس وقت صوبے میں عوامی نیشنل پارٹی اور پیپلز پارٹی کی اتحادی گورنمنٹ تھی، فیڈرل میں پیپلز پارٹی کی حکومت تھی، یہ کریڈٹ اس وقت کی حکومتوں کو جاتا ہے، خاص کر میں آصف زرداری کو سلام پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے ہمیں 7th National Finance Commission Award دیا ہے، اگر یہ ایوارڈ نہ ہوتا تو اب بھی جتنے پیسے ہم لیتے ہیں، One percent یا (تالیاں) Ten percent لیتے ہیں یا اور بھی، یہ آج ہم نہ لیتے، اب اس سے بھی ہمارے پیسے کم ہوتے لیکن افسوس کی بات ہے، بہت افسوس کی بات ہے کہ آرٹیکل 160 کہتا ہے کہ پانچ سال کے بعد آپ کا ایوارڈ کرنا ہے، دس سال کے بعد 2013ء میں وفاق میں مسلم لیگ کی حکومت تھی لیکن وہ بھی اس میں ناکام ہو گئی، انہوں نے ایوارڈ نہیں دیا، پھر اس کے بعد پی ٹی آئی کی حکومت آگئی، یہاں صوبے میں پی ٹی آئی کی 2013ء میں حکومت تھی، آپ بھی اس میں ایم پی اے تھے، وفاق میں بھی پی ٹی آئی کی حکومت تھی لیکن اس آئین کی خلاف ورزی کرتے ہوئے کسی حکومت نے اتنی جرات نہیں کی کہ وہ ایوارڈ کر دیتے، کیونکہ یہ اب ہم کہتے ہیں کہ یہ Twenty-fifth Amendment میں ہمارے Merged قبائل کے ساتھ Three percent commitment ہو چکا ہے، ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ ہمیں سالانہ One billion rupees commitment ہے لیکن یہ Commitment ہمیں نہیں دیں گے، یہ Commitment اس لئے نہیں دیتے ہیں کہ اگر ہم کو یہ چاہیئے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ستا سو تا ئم پورا شو جی۔

جناب خوشدل خان ایڈووکیٹ: این ایف سی ایوارڈ پاس کر دیتے، ہم اس میں یہ شامل کر دیتے، اس سے پھر ہم بغیر پیسے کے لیتے تھے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: خوشدل خان صاحب، ستا سو تا ئم پورا شو۔

جناب خوشدل خان ایڈووکیٹ: بس آخری یوہ خبرہ کوم۔ اب ہم مطالبہ کرتے ہیں کہ آئین کی پاسداری کرتے ہوئے فوراً ایوارڈ کرنا چاہیئے، اپنے چھوٹے صوبوں کو حصہ دیا جائے کیونکہ ایوارڈ میں جو ہوتا ہے وہ چھوٹے صوبوں کو فائدہ ہوتا ہے، بڑے صوبوں کو نہیں ہوتا۔ جناب سپیکر، آپ کے نالج میں لانا چاہتا

ہوں وہ یہ کہ آپ کی حکومت نے ایک کامیابی (حاصل) کی، ایک میکینزم بنایا تھا وہ میکینزم یہ تھا، Facilitation in wheeling of electricity، کہ جتنی بھی ہم الیکٹریسٹی پیدا کرتے ہیں، ہم اس کو اپنے کارخانوں پر بیچیں گے، میں یہ آپ کو صرف مختصر پیش کرتا ہوں، یہ Provincial Energy Development Organization ہے اس میں 5 جون 2020ء کو۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Windup کړئ جی۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: پانچ انڈسٹریز کو، بس ایک سوال کرتا ہوں، پھر بس کرتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کا ٹائم پورا ہو گیا، ہمارے پاس اور بھی، ټول آنریبل ممبرز دی، د ټولو د پاره یو رنګ ټائم دے۔

جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: اس حکومت کی کامیابی کی بات کرتا ہوں، وہ یہ ہے کہ انہوں نے ایک میکینزم اختیار کیا تھا کہ جتنے بھی ہماری ہائیڈرو پاور پراجیکٹس ہیں، خاص کر پیہور کی بجلی ہم بیچیں گے۔ جناب سپیکر، آپ یہ دیکھیں کہ انہوں نے یہ پیہور کا جو ہائیڈرو پلانٹ جو ہم نیشنل گرڈ کو دیتے ہیں، ایک روپیہ پر دیتے تھے، پھر جب ہماری حکومت نے اس میکینزم کو Adopt کیا تو پھر یہ کارخانوں کو جو Units 5 ہیں، یہ ان کو یہ دے رہے تھے، 7.5 پر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تهینک یو، مهربانی، خوشحاله اوسئ، عزتمند شئ۔ ګوره جی، تاسو ډیر زیات ټائم واغستلو، زما د پاره ټول آنریبل ممبرز یو رنګ اهمیت لری، تهینک یو۔ جناب شکیل بشیر خان صاحب۔

جناب شکیل بشیر خان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ **جناب** سپیکر صاحب، ماته د وخت د کمی احساس دے، زه ان شاء الله خپلې خبرې زر زر کوم۔ عزتمند سپیکر صاحب، د 23-2022ء بجټ هم د دې صوبې د عوامو د پاره څه ښه خبر او څه خوشخبری راونړله، هم دا خیال وو چې کیدې شی په دې بجټ کښې د دې صوبې د اولس د خیر ښیګړې خبر وی خو د بدقسمتئ نه په دې بجټ کښې عام سړی له هیڅ قسمه ریلیف ورنکړے شو۔ جناب سپیکر صاحب، اوګورئ چې کله نه پاکستان جوړ شوے دے، د 2013ء پورې صوبې دومره قرضه نه وه اغستلې چې څومره د پی ټی آئی حکومت په دې اووه آته کالو کښې واغستله او د صوبې په تاریخ کښې د

ټولو نه ئے لویه مقروض صوبه کړه او د هغې باوجود زمونږه وزیر خزانه صاحب دې ته خود دار بجټ وائی، نو ډیره د افسوس خبره ده. تاسو بل خوا اوګورئ، څلور کاله د پی ټی آئی په مرکز کښې حکومت وو او د لته په صوبه کښې زمونږه دا طمعه وه چې زمونږه د صوبې وزیر خزانه صاحب او زمونږ د صوبې نور واکداران د صوبې د حق د پاره به مرکز سره خبرې اوکړی، د صوبې حقوق به واخلی خو د بدقسمتئ نه چې هغه د بجلئ خالص منافع ده، که هغه د اوبو په مد کښې وی که هغه د ګیس په مد کښې وی، یو قسم هم د صوبې د حقوقو خبره او نه شوه. جناب سپیکر صاحب، زما په خیال دې صوبې سره دا ډیر زیاتے شوے دے، زه که وایم نو غلطه به نه وی، بلکه دا د صوبې سره یو غداری ده چې ستا په مرکز کښې هم حکومت وی، ستا دلته هم حکومت وی او ستا صوبې ته ضرورت وی او د هغې باوجود د صوبې د حق د پاره خبره او نه شی نو دا ډیر زیات زیاتے دے. عزتمند سپیکر صاحب، څنګه چې زما نه مخکښې اووئیلی شو چې مونږ کوم د بجټ دا کاپئ ګورو نو په دیکښې د Page one نه تر Page eighteen پورې تقریباً د مخکښینی مرکزی حکومت خبرې کیږی، زمونږه خو دا خیال وو چې په دیکښې به زمونږه د صوبې کارنامې وی چې زمونږه د صوبې حکومت څه څه کارونه کړی دی، په کومو کومو ضلعو کښې ترقیاتی کارونه کړی دی؟ د هغې تفصیلات به وی خو ډیره د افسوس خبره ده چې په هغې کښې د مخکښینی مرکزی حکومت هیڅ بې هیڅه خبرې دی، دیخوا حکومت خو یو اعلان کوی، د مرکزی حکومت په ضد کښې، چې مرکزی حکومت پندره فیصد تنخواګانو کښې اضافه اوکړه نو دلته کښې دوئ وائی چې مونږه سوله فیصد اضافه اوکړه خو هلته کښې پندره فیصد میډیکل الاؤنس کټ کوی، نو دا دې سرکاری ملازمینو سره ډیر زیاتے دے. بل عزتمند سپیکر صاحب، دلته په دې بجټ کاپئ کښې دا خبره شوې ده چې مونږه اټهاره لاکھ نوکرئ ورکړې دی خو دا وضاحت ئے پکښې نه دے کړے چې د دې صوبې څومره خلقو ته پکښې روزګار ملاؤ شوے دے، څومره ضلعوته پکښې Job opportunities ملاؤ شوې دی؟ نو دغه پکار ده چې مونږه له د دغې وضاحت هم وزیر خزانه صاحب را کړی. بل په دې بجټ کښې یو دا تجویز ورکړے شوے دے چې د بجلئ په بلونو به صوبائی

حکومت ټیکس لګوی، زما به ستاسو په وساطت صوبائی حکومت ته دا ریکویسټ وی چې دا تجویز دې واپس واغستلے شی ځکه چې عوام مخکښې د ګرانئ نه تنګ دی، د مختلف ټیکسونو نه تنګ دی، چرته صوبائی حکومت هم پرې باندې دا ټیکس اولګوی نو دا به ډیره ګرانه وی، د دې صوبې عوامو سره به ډیر زیاتے وی۔ بل څنګه چې تاسو ته پته ده چې د دې صوبې ټوټل بجټ 1332 بلین دے خو په دیکښې منسټر صاحب د Throw forward خبره نه ده کړې چې هغه څومره دے ؟ د دې هم زه وضاحت غواړم۔ اوس زه راځم خپلې ضلع چارسدې ته، زمونږه په ډسټرکټ چارسده کښې په دې حکومت کښې یو میګا پراجیکټ هم نه دے شروع شوے ، شکور خان ناست دے ، د دې نه تاسو اندازه اولګوئ چې د میډیکل کالج د پاره ئے د دې کال د پاره زر روپئ ایښودلې دی، نو په دیکښې تاسو د حکومت د سنجیدګئ اندازه لګولے شئ، پته نشته چې دا زر روپئ ئے خندا کړې ده او که څه ئے کړی دی۔ بل یو ناکامئ ته ئے اوګورئ چې اته کاله او نهه کاله اوشو او زمونږه د سر دریاب یو پل لا تر اوسه پورې ئے Complete نه کړو، دا چې څومره هم مونږه په دې باندې افسوس اوکړو نو کم دے۔ عزتمند سپیکر صاحب، زمونږه ډسټرکټ چارسده یو زرعی ضلع ده، ډیر خلق په زراعت باندې Depend کوی خو په دې بجټ کښې د زمیندارو ورونړو د پاره هیڅ قسمه څه نشته، نه ئے په Fertilizers کښې خلقو له څه ریلیف ورکړے دے ، نه ئے په Seeds کښې ورکړے دے ، نه نور څه زمیندارو ورونړو له څه ریلیف ورکړے شوے دے ، پکار ده چې دیکښې زما دا ورونړه چې کوم دوه ایم این ایز دی، څلور ایم پی ایز دی، د چارسدې د پی ټی آئی سره تعلق ساتی، چې هغوی د دې دپاره آواز اوچت کړی یا خبره اوکړی۔ بل دا څومره افسوس او زیاتے دے چې زه اکثر دلته پاځم، دا خبره ما هر وخت کړې ده او یو ځل ئے بیا کوم چې په ضلع چارسده کښې زه واحد د اپوزیشن د اے این پی سره تعلق ساتم، تاسو چې نور زما د دې ورونړو په حلقو باندې نظر واچوئ نو پچاس پچاس او ساټھ ساټھ کروړ روپئ ورته د فرش بندئ په مد کښې، د بجلی په مد کښې، د ایریګیشن په مد کښې ملاؤ شوې دی او دیخوا چې زما په حلقه باندې نظر واچوئ نو د هغه میرنئ مور خو ډیره لویه خبره ده، تاسو به وائی چې زه نه د دې صوبې

اوسیدونکے یم زه نه د دې ملک اوسیدونکے یم، نو پکار ده چې په دې غور اوشی او یو شان سلوک اوشی ځکه چې مونږه هم Elected خلق یو، مونږه ته هم دې عوامو ووټ راکړے دے، چې مونږه د دې عوامو خدمت اوکړو۔ عزتمند سپیکر صاحب، زه ستاسو وخت نه اخلم، په ما یو Tension هم وو چې تاسو به وائی چې وخت ختم شو، نو مهربانی جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تهینک یو، تاسو بیا هم د وخت نه دوه منټه مخکښې ختم کړو، شکریه جی۔ محترمه شاهده وحید صاحبه۔

محترمہ شاہدہ: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ شکریه جناب سپیکر صاحب، زه به نن یو خبره داسې اوکړم چې بجټ خو د لیکلو پورې ډیر ښه وو خو خبره دا ده چې د حکومت کارکردګی چې ده هغه بالکل صفر ده۔ مونږ عوامی خلق یو، مونږه ته روزانه مسئلې راځی، مونږه هره مسئله په دې Floor باندې بیانوؤ خو تراوسه پورې زمونږه د عوامو هیڅ مسئله حل نه شوه۔ زه به دا خبره اوکړم چې زمونږه د اپوزیشن د پاره فنډ هم بالکل نشته، زمونږه فنډ منظور شی خو بیا نه ریلیز کیږی، ډی سی صاحب ته اووایو، هغه وائی چې سی ایم هاؤس ته فون اوکړه، سی ایم هاؤس کښې کاچا ته فون اوکړه، یره دا لانجې خو زمونږه نه نه کیږی۔ خبره دا ده چې د ځلورو کالو راهسې بیخی مونږه د فنډ نه محرومه یو، د دې وجې نه هم زمونږ مسئلې نه حل کیږی۔ زمونږ حکومتی پارټی چې ده نو هغوی صرف فنډ چې ورکوی نو خپلو ممبرانو له ورکوی، هغوی پرې څه نیمګړې نیمګړې منصوبې اوکړی، ټهیک یا خراب، هغه هغسې پاتې شی۔ زه به یو بله خبره دا اوکړم چې زمونږه په مردان کښې چې کومې نیمګړې منصوبې دی، هغه د 2008ء نه تر 2013ء پورې چې کوم نیمګړې مسئلې دی، هغه هم هغسې د ځنډ ښکار دی او هم په هغه حال پرتې دی، په هغې کښې که زه تاسو ته دا اووایم چې زمونږه د خیبر پختونخوا د ډسټرکټ مردان بے نظیر چلډرن هسپتال دے چې کوم د اے این پی په دور حکومت کښې ئے جوړیدل شروع شوی وو، بلډنګ ئے تیار دے خو تراوسه پورې د دې نهه کالو نه د هغې فنډ ئے بالکل بند کړے دے او بل طرف ته ئے منتقل کړے دے، بلډنګ خو تیار دے، هغه یو شاړ بلډنګ پروت دے چې دا زمونږ د مردان او د دې پختونخوا د غریبو عوامو د بچو سره ډیر لوئے ظلم دے،

مونږ دا غواړو چې دې هسپتال ته دې زر نه زر فنډ دغه کړی چې دا تيار شی او دا يواځې زمونږه کار نه دے ، دا هم د دې خلقو کارونه دی، ستاسو به پرې نوم اوشی چې يو هسپتال شروع کړی، زمونږه خلقو ته به په دیکښې دغه اورسی۔ په هغې کښې زمونږ چې کومې نورې نیمګړې منصوبې دی چې کوم د څنډ ښکار دی، په دغه منصوبو کښې چې کوم دے نو ډسټرکټ مردان هسپتال دے ، په هغې هم کار نیمګړې پروت دے ، يو فلائی اوور پرې جوړیدو چې هغه لا تراوسه پورې نیمګړې دے ، هغه نیم شته او نیم نشته، ځکه چې هغه په بازاری علاقه کښې دے ، هلته کښې خلقو ته تیریدل راتیریدل ډیر مشکل دی، د هغې د پاره د اے این پی په دور کښې د بره نه يو فلائی اوور شروع شو چې هغه هم په نیمګړی حالت کښې دے ، بلډنګ ئے هم پکښې په نیمګړی حالت کښې دے ، ما څو ځل دلته په Floor باندې تیمور صاحب ته دا خبره اوکړه چې زمونږه د مردان کوم کمپلیکس هاسپیټل دے ، په هغې کښې ایکسرئ چې دی نو بالکل خرابې دی، هغه صرف د غریبانانو خلقو د پاره د سحر نه استعمالیږی، هغه ایکسرئ ټهیک نه دی، که د هغې د پاره ئے څه بندوبست اوکړو، خو تراوسه پورې اونه شو۔ بله خبره زمونږه چې کومه ده نو په هغې کښې چې کومه ده نو هغه د عبدالولی خان یونیورسټی ده، انجینئرنګ یونیورسټی ده، ایګریکلچرل یونیورسټی ده، ویمن یونیورسټی ده، ګرلز کیډټ کالج دے ، د مردان د رینګ روډ دویمه حصه ده چې هغه تراوسه پورې نیمګړی ده، دغه زمونږه منصوبې دی، په دیکښې حکومت بالکل ځان غلے کړے دے ، په دیکښې فنډ بالکل نه استعمالوی، مونږ دا غواړو چې مونږه ته لږ ریلیف راکړی او زر تر زره دې حکومت د دې د پاره څه بندوبست اوکړی چې عوامو او مونږ ته هم ریلیف ملاؤ شی، ځکه چې په دې بجټ کښې خو غریبانانو ته هیڅ ریلیف ملاؤ نه شو، اوړه ګران دی، هر يو شے ګران دے ، يو غریب مزدور زر دولس سوه روپئ اخلی، هغه به پرې څه پوره کړی؟ د بجلئ خو دا حال دے چې بجلی زمونږ صوبه پیدا کوی، تراوسه پورې زمونږه د هغې دومره دومره بلونه ورکوؤ چې مونږ ته ډیره زیاته ګرانه ده، ټیکسونه پرې لګیدلی دی، زه دې صوبائی حکومت ته او دې خلقو ته دا ریکویسټ کوم چې مونږ له دې لږ ریلیف راکړی او دا اپوزیشن دې دیوال سره نه لګوی، زر تر زره

چې دا اوکړی، زمونږه نیمګړې منصوبې دی چې په دې کار اوشی۔ ډیره مهربانی۔

(تالیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: تھینک یو۔ میڈم نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب، چونکہ میرے پارلیمانی لیڈر، شیر اعظم خان صاحب یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، میں اپنا نمبر ان کو دیتی ہوں پھر آپ جب چاہیں مجھے نمبر دے دیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ آپ کی مرضی پر ہے لیکن۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں، میری مرضی پر نہیں ہے، تمام آنریبل ممبرز نے نام لکھ کر کافی دنوں سے وہ Wait کر رہے ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں، میں اس کو تھوڑا سا Explain کرتی ہوں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: دیکھیں جناب سپیکر صاحب، درانی صاحب تو اپوزیشن لیڈر ہیں، پارلیمانی لیڈرز کا تو اپنا ٹائم ہوتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، آپ Explain نہ کریں، درانی صاحب اپوزیشن لیڈر ہیں، بابک صاحب پارلیمانی لیڈر ہیں، بلاول آفریدی صاحب پارلیمانی لیڈر ہیں، شیر اعظم وزیر صاحب پارلیمانی لیڈر ہیں، عنایت اللہ صاحب پارلیمانی لیڈر ہیں، ہمارے مفتی صاحب وہ تو پی ایم ایل۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سارے پارلیمانی لیڈرز ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پارلیمانی لیڈرز ہیں لیکن تمام پارلیمانی لیڈرز نے اپنے نام ایک لسٹ پر لکھوائے ہیں، اگر شیر اعظم وزیر صاحب کا نام چالیسواں نمبر پر بھی میرے ساتھ ہوتا تو میں ان کو پارلیمانی لیڈرز میں ایک نمبر یا دو نمبر دے دیتا لیکن انہوں نے سپیچ کے لئے زحمت ہی نہیں کی، ریکویسٹ ہی نہیں کی، ان کو احساس ہی نہیں ہے تو میں کیا کروں؟

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: چلیں، ابھی میرا نمبر دے دیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شیر اعظم وزیر صاحب۔

جناب شیر اعظم خان: Mr. Speaker, thank you very much for giving the Floor لیکن میں آپ کے نوٹس میں ایک بات لانا چاہتا ہوں کہ This is universal law کہ Right never become old، یہ میرا Right ہے، I am parliamentary leader of one of the largest party, representing in the Assembly، اگر میرا پرائیویٹ سیکرٹری یا میں خود نام نہ بھیجوں تو It doesn't mean that I have lost my rights, it doesn't mean.

جناب ڈپٹی سپیکر: نہیں جی، میں نے آپ کے ساتھ Arguments نہیں کرنے ہیں، میں نے آپ کو Floor دیا ہے، آپ کا ٹائم شروع ہو گیا ہے لیکن میں بتا رہا ہوں کہ تمام ممبران میرے لئے ایک جیسے ہیں، جو تمام پارلیمانی لیڈرز ہیں اور جو تمام ایم پی ایز یہاں پر جتنے بھی بیٹھے ہیں، میرے لئے ایک جیسے ہیں لیکن آپ نے اپنی سپیچ کو اہمیت نہیں دی، آپ نے نام نہیں دیا، آپ تو شکر کریں کہ میڈم نگہت نے ٹائم دیا، آپ Continue کریں۔

جناب شیر اعظم خان: صحیح ہے۔ جناب سپیکر صاحب، دا بجټ سیشن دے، بجټونه مونږ ډیر لیدلی دی او ډیر مو کتلی دی خو دا سې بجټ چې کوم دے په کال 2022-23ء کښې پیش شوے دے، This is something unique budget, if you go through the ADP, public representatives, elected Members have not been given any chance, given any share of, given any representation in any field که هغه ایګریکلچر دے که هغه پبلک هیلتھ انجینئرنګ دے او که هغه هیلتھ دے، که ایجوکیشن دے۔ For example تاسو اوګورئ، زه به درته د خپلې حلقې خبره هم اوکړم چې زما په حلقه کښې By name سکیمونه اچولی شوی دی، By name چې آنریبل محمود جان کے لئے ایریگیشن ٹیوب ویل، آنریبل شیر اعظم وزیر کے لئے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: زما په نامه خو به نه وی اچولے شوے جی؟

جناب شیر اعظم خان: For example، نه هسې ما مثال درکړو، X Y Z۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ښه، ښه جی، ټھیک ده۔

جناب شیر اعظم خان: ما خو مثال ورکړے دے جی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: بیا ټھیک ده۔

جناب شیر اعظم خان: نو دا چې ده، It means that in the constituency there is no public representative، بیا الیکشن د څه شی د پاره اوشو، ووټونه د څه شی د پاره اوشو، جمهوریت د څه شی د پاره وو؟ The whole purpose is defeated، میری عرض یہ ہے کہ In the first, if you look at the ADP in the ADP، جناب سپیکر، ٹوٹل بجٹ 1332 ارب روپے پیش کیا ہے، ہمارا جو خرچ ہے لیکن اس کے مقابلے میں 425 ارب روپے محصولات ہیں، یہ بالکل، دا خو واره نه خوری، It is not in conformity، جناب سپیکر، بجټونه مو لیدلی دی خو هغه داسې وی چې 25 پرسنټ کم وی، 30 پرسنټ کم وی، هغه بیا وروستو In the course of time د ټیکس په صورت کښې یا One way or the other محصولات زیات شی، بیا هغه Matching اوکړی، دا Matching به څه رنګ کوی چې دا 70 پرسنټ نقصان دے؟ دا 70 پرسنټ چې دے دا Loss دے او دا ستا محصولات 29 پرسنټ، 30 پرسنټ دی نو زه دا وایم چې دغه بجټ خو It is total based on bogus figures، هوائی خبره ده، بجټ ته خو د صوبې د عوامو ډیر انتظار وی چې بجټ به راځی، په بجټ کښې سکیمونه به راځی، په بجټ کښې به د ډیویلپمنټ چارې کیږی، ترقیاتی کار به کیږی، بیا خاص کر زه د سدرن ډسټرکټس خبره کوم، په جنوبی اضلاع کښې, It is deserted area totally, right from Karak up to Dera Ismail Khan and Tank. نو دا خو دومره زمکه بارانی خشکه پرته ده، که د ایریګیشن ټول ټیوب ویلونه ایګریکلچر باندې دې طرف ته سوچ اوکړے شی نو مونږ ته به د بهر نه د غنمو د راغښتلو ضرورت هم نه وی او Self sufficient به شو خو زه خو په دې نه پوهیږم چې دا بجټ جوړوی څوک؟ دومره زمکه ده، دومره ایریا ده، تاسو ته هم پته ده، دې آنریبل هاؤس ته هم پته ده، This august House each and every honorable Member is also of the knowledge چې سدرن ډسټرکټس کښې په لکهونو

ایکړه زمکه دغسې پرته ده، د هغې د پاره سستم نشته، په دې بجټ کښې بالکل نشته۔ زه به درته د خپلې علاقې والا خبره اوکړم، زما نیمه ضلع بنوں چې ده هغه Deserted علاقه ده خو که Upper علاقه کښې تاسو ټیوب ویلونه اوباسئ یا پبلک هیلتھ یا د ایګریکچر Most of them have an abundant ضرورت ئے نشته چې چرته ئے ضرورت وی کنه، زه خو دې بجټ ته حیران یم چې د جنوبی اضلاع علاقې ټوټل Un-represented پاتې شوې دی، بیا د سوچ نه بغیر خو مونږ څه کولے نه شو، ستاسو نوټس کښې راولو، And we want to bring this thing on record. دا په ریکارډ باندې راشی چې دغه بجټ کښې د جنوبی اضلاع د پاره خاصکر د اپوزیشن ممبرز د پاره هیڅ څه شے نشته، حکومتونه خو وی خو اپوزیشن خو داسې نه ده چې په هغه علاقه کښې انسانان نه اوسی، هلته هم انسانان دی، هلته هم ووټرز دی، په ووټ باندې جوړ دی، هلته هم د هر څه ضرورت دے، نو دا خو چې اوګورئ، ته دا وائې چې دا دومره د اپوزیشن ممبران چې دی، دلته زما خور هغه لاړه مسز شاهده، دومره صحیح خبره ئے اوکړه، Attention kindly Mr. Speaker! څکه چې آنریبل منسټر خزانه خو شته نه۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: خو څوک چې ناست دی هغه خو آواز نه آوری، دا خو د دوئ دلچسپی ده جی۔

جناب شیراعظم خان: او ما خو وئیل که وزیر خزانه صاحب نشته نو کم ازکم توجه خو تاسو راکوئ کنه۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: پلیز، هغه پوائنټس نوټ کوی، اکبر ایوب صاحب ناست دے، هغه آوری جی۔

جناب شیراعظم خان: بنه، بنه جی، دا ټهیک ده۔ ما دا وئیل چې دا خو مسټر سپیکر۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ہمارے تین چار منسٹرز بیٹھے ہوئے ہیں، نوٹ کرلیں گے۔

جناب شیراعظم خان: مسټر سپیکر، دا خو پاکستان پیپلزپارټی ده چې دغه ملک ته ئے آئین هم ورکړے دے، اتهارهویں ترمیم ئے هم ورکړے دے او این ایف سی

ایوارډ ئے هم ورکړے دے ، اوس چې تاسو هم لاړ شئ، دا به زه.....ښه جی ښه .....Welcome Mr. Speaker, welcome, welcome

(تالیاں)

(اس مرحلہ پر جناب چیئرمین، محمد ادریس مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب شیر اعظم خان: ښه جی، Welcome Mr. Speaker, welcome, welcome، ما دا وئیل.....

جناب مسند نشین: جی۔

جناب شیر اعظم خان: دا زمونږ خوش قسمتی ده چې تاسو راغلئ، (قہقہہ) دا خوش قسمتی شوه چې تاسو راغلئ، دا خبره به واؤرئ، وزیرخزانه نشته، دا به نوټ کړئ چې دا پاکستان چې دے دا Every body of this country is of the knowledge, of the opinion چې دغه کښې پاکستان پیپلز پارټئ څومره قربانیانی ورکړې دی، دومره هیچا نه دی ورکړی، سربراه ئے شهید شوے دے ، بلکه سربراه ئے شهیده شوې ده، د شهداء پارټی ده۔ اوس ماته یو Not only in the country, worldwide; Minister, please, worldwide ماته اوښایه چې د یوې پارټئ سربراه خپل ځان د عوام د پاره شهید کړے وی، Worldwide، په خپل مرګ مړ دے ، دلته One after another دوه کسان شهیدان شو او ورکړی ئے څه دی؟ که آئین دے ، که اٹھارهویں ترمیم دے ، که Even دې صوبې ته نوم هم، مثال کے طور پر، او این ایف سی ایوارڈ، دا هر څه پاکستان پیپلز پارټئ کړی دی۔ روزګار د پاکستان پیپلزپارټئ په وخت کښې وی او بې روزګاری د پاکستان تحریک انصاف په وخت کښې وی، اوس نهه کاله دلته تیر شوی دی، په دې صوبه کښې داسې Distinguish ماته یو ډیم اوښایئ، د ډیمونو خبرې کیږی چې ډیم جوړیږی، وزیر قانون صاحب، مونږ خو یو ډیم هم اونه لیدلو چې په نهه کاله کښې جوړ شوے وی، په پائپ لائن کښې دے ، که وی او جوړ کړے مو وی نو چې بیا ئے اوګورو، دا خو ښه خبره ده چې چکر راکړئ، اوس دا صوبه چې ده دا زمونږ د خپلو جنګلاتو په وجه مشهوره ده، ډیره خوبصورتی په دې صوبه کښې او ډیر ښکلی ښکلی جنګلات دی، د نتهیاګلی نه

واخله تر سوات And then up to Dir تک جنگلات جل رہے ہیں، د رې سوه ځايونه، مونږ. شهر کښې لوئې شوی يو چې په ښه بد پوهه شوی يو خو مسټر سپيکر، مونږ داسې صورتحال نه دے ليدلے، گورنمنټ د ځنگل په هور باندې قابو نه شی راوستلے، په پنجاب کښې نه کيږی، هلته بزدار صاحب چې کله روان وو نو ريکارډ ئے اوسوزولو، دفترئے اوسوزولو او دلته ځنگل اوسوزولے شو، نو دا خبرې د قوم د پاره ډيرې د افسوس دی او دغه د صوبې د پاره ډير غټ نقصان اوشو، د دغه تلافی به چرته هم اونه شی، دوئ صرف په دې پسې لگيدلی دی چې مونږه د اپوزيشن ممبران، د اپوزيشن ممبران ستاسو دښمنان خو نه دی، د اپوزيشن ممبران خو دې د پاره دی چې تاته Wrong doingاوښائی، تاته Identification کوی چې Here is a fault and you have to answer، دا عوام ئے گوری چې This is democracy، اپوزيشن ممبر خبره اوکړی او حکومتی منسټر ورله جواب ورکړی، خلق ئے اووينی او که بيا فرض کړه تاسو دا وايئی چې د اپوزيشن ممبران تاسو ته په مورچه کښې پراته دی نو بيا خو ستاسو د ډيموکريسی سوچ هم بدل دے۔ آنريبل منسټر صاحب، دا هلته د اے ډی پی نه Reflect کيږی چې Opposition Members are no Members, Opposition MPAs are no MPAs, there is nothing in the constituency, but you are forgetting one thing. لودھی صاحب، ذرا منسٹر صاحب کو چھوڑیں، ایک بات عرض کر رہا ہوں۔۔۔۔

جناب مسند نشین: Chair کو ایڈریس کریں۔

جناب شیر اعظم خان: Last عرض کر رہا ہوں کہ Always last budget is that of the next government، یہ بجٹ آپ کا نہیں ہے، یہ Next گورنمنٹ کا ہے کیونکہ پریویس گورنمنٹ کے ٹینڈرز تو ابھی ہو رہے ہیں، پریویس گورنمنٹ کے ٹینڈرز ابھی ہفتہ ہوا ہے کہ ہو رہے ہیں، کل بھی ہو رہے ہیں، اس کے بعد بھی ہوں گے، یہ بجٹ Next government کا ہے۔۔۔۔

جناب مسند نشین: شیر اعظم صاحب، یہ Last نہیں ہے، اس کے بعد بھی ان شاءاللہ دوسرا بجٹ بھی آئے گا۔

جناب شیر اعظم خان: اس کے بعد، اچھاتو اس کا مطلب یہ ہوا کہ آپ لوگ ایک دفعہ پھر سہارے کے شوق میں ہیں، (قہقہہ) وہ بات گئی، وہ بات گئی، That is gone matters, never would become، میرے کہنے کا مطلب یہ ہے کہ ابIndependent electionsہوں گے، جمہوری الیکشنز ہوں گے، آپ دیکھیں گے کہ وہ پارٹیاں اقتدار میں ہوں گی جو عوامElect کریں گے نہ کہ کوئی اور، یہ خاطر جمع رکھیں، یہ رٹ اگر آپ لگاتے ہیں کہ نیوٹرل ہمارے ساتھ ہو جائیں، یہ کہیں کہ ہمارے ساتھ نیوٹرل نہ رہیں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: شیر اعظم صاحب، بجٹ پر بات کریں۔

جناب شیر اعظم خان: میں نے تو آپ کو کچھ نہیں کہا ہے۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میں نے اس لئے کہا ہے کہ یہ چوتھا بجٹ ہے، پانچواں بجٹ ہمارا آئے گا۔

جناب شیر اعظم خان: آنریبل سپیکر، آپ کا تو صرف یہی مطلب تھا کہ ہم پھر بھی آئیں گے، تو پھر وہ پہلے جو آئے تھے وہ کس طرح آئے تھے؟ مطلب دوبارہ اس طرح آنا نہیں ہے، Thank you very much لیکن میری صرف عرض یہ ہے کہ اس اے ڈی پی پر نظر ثانی کی جائے، ہمارے اپوزیشن ممبرز One by one دیکھیں، بزنس رولز کے حوالے سے Appropriate نہ سہی، اس کا اپنا جو تناسب ہے اس کے مطابق اگر وہ حصہ دیا جائے تو پھر بھی ٹھیک ہے لیکن اس بجٹ کو بجٹ بنانا اور اس کوImplement کرنا، یہ دونوں باتیں ایک گورنمنٹ سے ہی نہیں، یہ ہو ہی نہیں سکتا، اگلی گورنمنٹ کو تکلیف میں ڈالنا، 29 پرسنٹ محصولات اور 71 پرسنٹ پورا کرنا، یہ ایک سو فیصد عقل سے باہر کی بات ہے، Just unbelievable، مہربانی کریں یہ گورنمنٹ کے ساتھ اور ان عوام کے ساتھ جو ہماری اے ڈی پی ہے پلاننگ ڈیولپمنٹ کے ساتھ، خزانے کے ساتھ، یہ گیت چھوڑ دیں۔Thank you very much، بہت شکریہ، والسلام۔

جناب مسند نشین: تھینک یو۔ مسٹر محمد ریاض، ایم پی اے صاحب، موجود نہیں۔ جناب فیصل زیب صاحب۔

جناب فیصل زیب: تھینک یو، مسٹر سپیکر، کہ آپ نے بجٹ 23-2022ء پر بات کرنے کا موقع دیا۔ بجٹ پر اپوزیشن لیڈر، پارلیمانی لیڈرز اور ہمارے Colleagues نے کافی تفصیلی بات کی، میں کئی دنوں سے اس بجٹ بک کا مطالعہ کرتا آرہا ہوں لیکن بڑے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ایک مرتبہ پھر باقی اضلاع اور

باقی حلقوں کے مقابلے میں میرے حلقے کو نظر انداز کیا گیا ہے۔اس صوبائی بجٹ پر صرف سوات، ایبٹ آباد، پشاور، نوشہرہ، چارسدہ، مردان کا حق نہیں ہے، اس پر شانگلہ کے لوگوں کا بھی حق ہے، اس پر دیگر اضلاع کے لوگوں کا بھی حق ہے اور چاہیئے کہ اس بجٹ میں تمام اضلاع کو برابری کی بنیاد پر حق دیا جاتا۔ جناب سپیکر، اس بجٹ میں چھوٹی چھوٹی سکیمیں شامل کی ہیں، پانی کی مد میں، Water supply schemes، roads، مختلف سیکٹرز میں لیکن وہ تو ہمارا ایک مرتبہ Experience ہو گیا ہے، فیز ٹو کے بلدیاتی الیکشن میں یہ کس لئے شامل کئے تھے، کس لئے استعمال ہوئیں؟ ایک مرتبہ یہ پھر آنے والے Campaign اور آنے والے الیکشن کے لئے یا تو حکمران جماعت وہاں پر جو لوکل لیڈر شپ ہے، آنے والے الیکشن کے لئے ایک مرتبہ پھر اس کو استعمال کرے گی لیکن اس میں حلقے کے عوام کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ جناب سپیکر، حکمران جماعت کا Manifesto ایجوکیشن ہے لیکن چار سال کی کوششوں کے باوجود بار بار درخواست کے باوجود میرے حلقے میں ایک پرائمری سکول تک نہیں بنایا گیا، Establishment for girls and boys schools، ایک سکول بھی نہیں بنا، چار سال سے لگا ہوا ہوں، کبھی سی ایم صاحب، کبھی منسٹر صاحب، لیکن بڑے افسوس کے ساتھ کہ کسی نے اس حلقے کو توجہ نہیں دی۔ میرے حلقے میں ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ والے بھی یہاں پر بیٹھے ہیں، یقین کریں، ایسے ایسے علاقے ہیں کہ وہاں پر چھ اور سات سال کے بچے دو دو گھنٹے پیدل سفر کر کے سکول جاتے ہیں، اس ہاؤس میں جتنے Colleagues ہیں وہ اپنے گریبان میں جھانک کر دیکھیں کہ اگر ان بچوں کی جگہ ہمارے بچے ہوں اور روزانہ کی بنیاد پر دو دو گھنٹے پیدل سفر کریں تو ماں باپ کے اوپر کیا گزرتی ہو گی؟ یہاں پر بڑے بڑے فنڈز ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کو دیئے جاتے ہیں لیکن میرے حلقے میں 80 فیصد ایسے سکول ہیں کہ بچے زمین پر بیٹھ کر تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ اب یہ معلوم نہیں کہ یہ فنڈ کدھر جا رہا ہے؟ جناب سپیکر، اسی طرح ہیلتھ سیکٹر کی بات کروں تو یہاں پر بی ایچ یو، ٹی ایچ کیو، ڈسپنسریز کو Fully functionalize ہونے کی بات ہو رہی ہے لیکن جناب سپیکر، میرے حلقے میں تو آر ایچ سی مارتونگ، ٹی ایچ کیو چکیسر، ان کو دیکھ کر لگتا ہی نہیں ہے کہ یہ ہاسپٹلز ہیں، نہ میڈیسن ہے نہ کوئی اور سہولیات ہیں۔ ہیلتھ سیکٹر بھی آپ کے Manifesto میں شامل ہے، بڑے افسوس کے ساتھ کہتا ہوں۔ اسی طرح روڈز کا حال دیکھیں، میرے حلقے میں میں Floor پر کہہ رہا ہوں کہ لوگوں

نے فلاحی تنظیمیں بنائی ہوئی ہیں، مسجدوں میں چندے اکٹھے کر رہے ہیں، اپنی مدد آپ کے تحت لوگوں نے PCC roads شروع کئے ہیں، یہ میرے لئے نہیں، اس حکومت کے لئے شرم کا مقام ہے۔ جناب سپیکر، اسی طرح میری وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا اور فنانس منسٹر سے یہ ریکویسٹ ہے کہ شانگلہ میں دو جگہوں پر Rescue 1122 کے سنٹرز دیئے جائیں تو میرے خیال میں سارے شانگلہ کا ضلع ایک سائڈ پر اور پوری پشاور ویلی ایک سائڈ پر، میری یہ ریکویسٹ ہے کہ باقی جو تین تحصیلیں ہیں، بورنگ، چکیسر اور مارتونگ، ان کو بھی Rescue 1122 کا سنٹر دیا جائے۔ جناب سپیکر، حال ہی میں پورے ملاکنڈ ڈویژن میں پھر بالخصوص میرے حلقے میں ہر طرف جنگلات میں آگ لگی ہوئی تھی، Rescue کے جوان شہید ہوئے تھے، عام لوگ شہید ہوئے، ایک ہی گھر سے چار جنازے اٹھے ہیں لیکن افسوس کہ حکومت کے پاس کوئی سہولت نہیں تھی کہ اس آگ کو بجھاتی یا ان لوگوں کو ریلیف دیتی، مہربانی کریں Rescue 1122 کے جو سنٹرز ہیں، یہ تمام تحصیلوں کو دیئے جائیں تاکہ خدانہ کرے ایسی ایمرجنسی کی صورت میں پھر ہمارے پاس Facilities ہوں۔ جناب سپیکر، ٹورازم کی بات ضرور کروں گا، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا محمود خان اس ڈیپارٹمنٹ کو Direct deal کرتے ہیں، ہمارے شانگلہ میں بہت ایسے مقامات ہیں جن کو اگر ٹورازم، ٹورسٹ سپاٹس Declare کیا جائے تو آپ یقین کریں کہ بے روزگاروں کو روزگار ملے گا، ضلع کو بھی ریوینیو حاصل ہوگا، حکومت کو بھی اس سے بہت زیادہ فائدہ ہوگا لیکن اب یہ پتہ نہیں کہ ہم کس کو کہہ رہے ہیں؟۔۔۔۔۔

(شور)

Mr. Chairman: Order in the House, please. Ji, Kundi Sahib.

جناب فیصل زیب: اب دیکھیں گے کہ اس کا Response کون دیتا ہے؟

جناب مسند نشین: ویسے میں ساری اپوزیشن اور حکومت دونوں کو دیکھ رہا ہوں، آپ آپس میں سارے گپ میں لگے ہوئے ہیں، کوئی توجہ نہیں ہے۔

جناب فیصل زیب: جناب سپیکر صاحب۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: حکومت اور اپوزیشن دونوں کر رہی ہیں۔

جناب فیصل زیب: جناب سپیکر صاحب، پوائنٹس تو حکومتی منسٹرز نوٹ کریں گے لیکن اس کا جواب کون دے گا؟ پوائنٹس تو انہوں نے نوٹ کرنے ہیں۔ اب جناب سپیکر صاحب، یہ بتائیں کہ میں نے جو ٹورازم کی، Rescue کی اور جنگلات کی بات کی تو ان میں سے کونسے منسٹر صاحب نے نوٹ کئے ہیں جو Respond کریں گے؟۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: اس وقت آپ کو کوئی منسٹر جواب نہیں دے گا، Rule 142 کے تحت آپ کو جواب فنانس منسٹر دے گا۔

جناب فیصل زیب: جی جی۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: آپ کی تقریر ریکارڈ ہو رہی ہے، وہ پوائنٹس بھی نوٹ کر رہے ہیں، آپ کو Point to point ان شاءاللہ جواب ملے گا۔

جناب فیصل زیب: جناب سپیکر صاحب، اچھا بس ٹھیک ہے، مطلب وہ گھر میں بیٹھے ہوئے ہیں، پوائنٹس نوٹ کر رہے ہیں۔ اسی طرح میں یہاں پر ایڈہاک ٹیچرز کی بات ضرور کروں گا، کل سے انہوں نے بنی گالہ میں دھرنا دیا ہوا ہے، اچھی بات ہے کہ حکومت نے Announce کیا ہے کہ ان کو ریگولر کر دیا گیا ہے لیکن ہماری سی ایم صاحب سے، منسٹر صاحب سے یہ ریکویسٹ ہے کہ جس دن سے ان کے اپوائنٹمنٹ آرڈرز جاری ہوئے ہیں، اسی دن سے ان کو ریگولر تصور کیا جائے۔ جناب سپیکر، آخر میں میں چار سال کی اپنی بات نہیں کروں گا کیونکہ چار سال میرے حلقے کے لوگوں کو ترقیاتی سکیموں میں دیوار سے لگایا گیا ہے، میری حکومت سے یہ درخواست ہو گی کہ خدارا سوات اور شانگلہ تو دونوں پڑوسی اضلاع ہیں، سی ایم صاحب سے یہ درخواست ہو گی کہ اس آخری سال میں میرے حلقے کو توجہ دے دی جائے اور خصوصی طور پر ایجوکیشن اور ہیلتھ سیکٹر میں۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب مسند نشین: تھینک یو۔ شفیق صاحب تہ مائیک کھلاؤ کړئ۔

جناب شفیق آفریدی: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ جب بھی بجٹ پیش کیا جاتا ہے تو اپوزیشن کی بنچز سے یہی تنقید ہو رہی ہوتی ہے کہ یہ الفاظ کا ہیر پھیر ہے، حکومتی بنچز سے ہم یہی سنتے آ رہے ہیں کہ ہم نے ایک تاریخ رقم کی ہے کہ یہ غریب پرور بجٹ ہے، ہم نے بہت مثبت بجٹ پیش کیا ہے

لیکن جناب سپیکر، بطور قبائل میں اس بجٹ کو غریب پرور بجٹ نہیں کہہ سکتا ہوں کیونکہ قبائلی اضلاع کا آپ کو پتہ ہے کہ دو تین سال پہلے Merger ہوا ہے، Merger کے وقت قبائل کے ساتھ وعدے ہوئے تھے کہ جو ادھر ستر (70) سال سے پولیٹیکل انتظامیہ کی معاشی دہشت گردی ہوئی تھی اور جو دہشت گردی اور Militancy ہوئی تھی اس کے بدلے قبائل میں ہم سالانہ ایک سو ارب روپے خرچ کریں گے، ایک امید دلائی گئی تھی، دو تین سال سے ہمیں ایک روایتی طریقے سے اسی Floor پر بجٹ پیش ہوتا رہا ہے۔ جناب سپیکر، جب بھی بجٹ پیش کیا جاتا ہے تو ضروری یہ ہے کہ اس علاقے کے لئے بجٹ میں جو مختص رقم ہے وہ خرچ کرتے، یہ ایک جمہوری حقدار کی مناسبت سے کہ وہاں کے منتخب نمائندے کو بھی اعتماد میں لیا جائے، ادھر کسی مد میں اور کسی چیز کے لئے ضروری ہے کہ اس کا فوری ازالہ ہو لیکن ہمیں بالکل اس چیز میں اعتماد میں نہیں لیا جاتا، یہ تو خیر ہر دفعہ Repeat ہوا ہے کہ وہ ایک سو بلین کیوں نہیں مل رہے؟ یہی اپوزیشن جماعتیں جب دوسرے صوبوں میں تھیں، ہماری تحریک انصاف کی حکومت تھی، انہی پارٹیوں نے وفاق کو اپنا شیئر نہیں دیا، وفاق نے قبائل کے لئے جتنا ہو سکتا تھا حتی الوسع کوشش کرتے ہوئے صوبے کو بجٹ دے دیئے اور اس سے قبائلی اضلاع میں بھی بہت مثبت پیش رفت ہوئی اور۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: بلاول صاحب، پلیز۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر، یہ Interfere کر رہے ہیں، اس کو نہیں کرنا چاہیئے۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: بلاول صاحب، پلیز ایسا نہ کریں۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر، یہ ہم قبائل کوئی بھیک نہیں مانگ رہے ہیں اور قبائل کسی بھی پاکستانی شہری سے نہ خودداری میں، نہ غیرت میں، نہ قربانی میں کسی لحاظ سے بھی کم نہیں ہیں، (تالیاں) ہم نہ صوبوں سے فنڈ مانگتے ہیں اور نہ ہم وفاق سے بھیک مانگتے ہیں، ابھی جو یہ کٹھ پتلی حکومت نے ہمارے بجٹ پر جو کٹ لگایا ہے اس پر ہم میں بطور قبائل اور قبائلی اضلاع میں شدید غم و غصہ پایا جاتا ہے، اس کو میں بطور ایک Elected Member اسی Floor کی وساطت سے Condemn کرتا ہوں، شدید الفاظ میں مذمت کرتا ہوں، نہ یہ شہباز شریف کے باپ کے پیسے ہیں اور نہ فنانس منسٹر ہمیں جیب سے دے رہے ہیں،

جتنا ایک شہری کے لئے این ایف سی ایوارڈ میں ایک صوبے کے شہری کے لئے Allocate ہو جاتا ہے، یہ قبائل کے لئے بھی اسی فارمولے کے تحت۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میڈم، آپ بیٹھ جائیں۔

(شور)

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر، یہ آپ کو سننا پڑے گا میڈم، یہ آپ کو بھی سننا پڑے گا، دیکھو، نہ ہم زرداری لوٹے کے ایک روپے کے احسان مند ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: میڈم، آپ بیٹھ جائیں۔

جناب شفیق آفریدی: یہاں بدمعاشی نہ کریں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میڈم، آپ بیٹھ جائیں۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر، ہم پہلی دفعہ دیکھ رہے ہیں کہ ایک عورت بدمعاشی کر رہی ہے، یہ جو ایک پاکستانی شہری اور ایک صوبے کے لئے این ایف سی ایوارڈ کے تحت جو شیئر مل جاتا ہے، ہمیں نہ صوبے سے سوال کرنا ہے نہ بھیک مانگنا ہے اور نہ وفاق سے، ہمیں بھی بطور پاکستانی شہری اسی فارمولے کے تحت اور آبادی کے لحاظ سے ہمیں اپنا شیئر دیا جائے۔ (تالیاں) جناب سپیکر، ابھی سننے میں یہ بھی آیا ہے کہ صحت کارڈ کو بھی بند کر دیا گیا ہے، یہ ایک اور امتیازی سلوک ہے، نہ ہم اس فیصلے کو مانتے ہیں کہ وہ ہمارے صحت کارڈ کو بند کریں، کسی کا باپ بھی نہیں کر سکتا، یہ آپ کا باپ بھی نہیں کر سکتا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: میڈم، ادھر Chair کو ایڈریس کریں۔

جناب شفیق آفریدی: یہ صحت کارڈ ہمیں ملے گا، یہ ہم لیں گے، ہم اپنے حقوق لیں گے، یہ آپ کا باپ بھی بند نہیں کر سکتا، کیا یہ آپ کے باپ کی مالیت ہے؟ یہ آپ کے باپ کا پیسہ نہیں، اس کو آپ کا باپ بھی بند نہیں کر سکتا، کسی کا باپ بھی نہیں بند کر سکتا۔۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: میڈم، کسی کے باپ کا نام نہ لیں، شفیق صاحب، Chair کو Address کریں، میڈم، آپ بیٹھ جائیں۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر، صحت کارڈ بھی بند کر دیا گیا، میں ابھی اسی Floor سے، ہمارے ادھر قبائلی اضلاع سے مشران بھی ہیں، ہمارا انور زیب خان ہیں، عمر میں بھی بڑا ہے، پارٹی کا بھی ہے، ہم اس کے ہر فیصلے کو مان لیتے ہیں لیکن انور زیب خان سے میں ریکویسٹ کرتا ہوں کہ جب تک یہ ہمارا صحت کارڈ بحال نہ ہو، جب تک Allocation مکمل نہ ہو، جو صوبے نے ڈیمانڈ کیا ہے، انور زیب خان، ہم ریکویسٹ کرتے ہیں کہ اس بجٹ کے پاس کرنے کا ہم حصہ نہیں بنیں گے اور واک آؤٹ کر لیں گے۔ جناب سپیکر، آپ کی توجہ چاہیئے، اب میں بجٹ تجاویز پر آتا ہوں، قبائلی اضلاع۔۔۔۔

جناب مسند نشین: شفیق صاحب، آپ نے کافی ٹائم لے لیا۔

جناب شفیق آفریدی: نہیں سر، اس نے میرا ٹائم ضائع کر دیا۔۔۔۔

جناب مسند نشین: ابھی Windup کر لیں۔

جناب شفیق آفریدی: سر، اس میں Interruption ہوئی ہے۔۔۔۔

جناب مسند نشین: Windup کر لیں۔

جناب شفیق آفریدی: سر، میں Floor نہیں چھوڑوں گا، میں اپنا ٹائم مکمل کروں گا، پھر اس طرح ہم بھی ہر ممبر کا ٹائم ضائع کریں گے اور وہ بھی بات نہیں کر سکیں گے، میں اپنا ٹائم لوں گا۔۔۔۔

جناب مسند نشین: ٹھیک ہے، آپ بجٹ پر بات کریں۔

جناب شفیق آفریدی: جناب سپیکر، بات یہ ہے کہ قبائلی اضلاع میں سابقہ ادوار میں دہشت گردی کی وجہ سے Un-employment بہت Peak پر چلی گئی ہے، Employment generation کے لئے ہمارے پاس اپنی معدنیات ہیں، ادھر ہمارا زیادہ تر انحصار بارڈر ٹریڈ پر ہے، انہوں نے سب سے پہلے ہمارا بارڈر ٹریڈ مارکیٹ کو بند کر دیا جو کہ ہمارے سارے قبائل کا انحصار ٹریڈ اور انڈسٹری پر ہے، اگر آپ ملک میں بھی سروے کریں تو اس ملک کی انڈسٹریل اسٹیٹس میں ٹاپ انڈسٹریل اسٹیٹ قبائل ہیں، اس ملک کی

ٹریڈ مارکیٹ میں ٹاپ ٹریڈر قبائل ہیں لیکن ہمیں ادھر وہ Facility نہیں دے رہے ہیں، ہمارے اپنے علاقے کے لئے وہ انفراسٹرکچر دے دیں، بلکہ یہاں تک کیا گیا ہے کہ Merger کے وقت جو Tax exemption دیا گیا تھا وہ بھی ہم سے Withdraw کر دیا گیا ہے اور یہ لاہور کی ایسوسی ایشن کی ایماء پر کر دیا گیا ہے۔ جناب سپیکر، ایک تو میڈم نے ہمارا وہ سارا ردھم خراب کر دیا جو ہم نے بہت اچھی اچھی تجاویز بھی دماغ میں لائی تھیں لیکن آخر میں یہ میں کہنا چاہتا ہوں کہ ADP development کے لئے جو بجٹ Allocate ہوا، میں ایجوکیشن پر آ جاتا ہوں جناب سپیکر، 2019ء میں میرے حلقے کو چھ نئے سکول دیئے تھے، آج تک اس پر کام شروع نہیں کیا جا سکا، تعلیم کا جو حال ہو گیا ہے، یہ سابقہ فاٹا کے ادوار کو ابھی لوگ یاد کرتے ہیں کہ ادھر گورننس بھی اس سے اچھی تھی اور ادھر ڈیویلپمنٹ بھی اس سے بہتر تھی۔ اسی طرح صحت کی مد میں جو پیسے خرچ ہو رہے ہیں، آج تک میرے حلقے میں نہ کوئی صحت اور نہ کوئی ایجوکیشن کے لئے کوئی بہتری کا کام ہوا ہے اور جو تھوڑے بہت پیسے Allocate ہوئے ہیں، اس میں اگر ہمارے ساتھ Coordinate کرتے ہمیں شامل کرتے تو ہم بتاتے کہ ادھر لوگوں کو مسئلہ کیا ہے؟ میرے حلقے کے 2009ء سے تقریباً 57 سکول Damage ہوئے ہیں، ہم ابھی تک ان Damage سکولوں پر کام شروع نہ نہیں کر سکے، یہ ہمارے لئے بہت بڑا سوالیہ نشان ہے۔ جناب سپیکر، میں آخر میں صرف یہی کہنا چاہتا ہوں کہ قبائل کے ساتھ جو امتیازی سلوک ہے، یہ تو ٹھیک ہے ابھی وہی پارٹیاں جو ساری عمر ہمارے قبائل پر انہوں نے سیاست کی ہے، وہ ابھی آ کے اس کی جو نیت ہے، اس کی جو اصلیت ہے وہ سارے قبائل پر واضح ہو گئی ہے لیکن اس صوبے کو بھی تو بتانا چاہیئے کہ چلو ادھر ہمیں اپوزیشن پارٹیوں نے اپنا شیئر نہیں دیا، تحریک انصاف کی حکومت میں وفاق سے حتی الوسع کوشش تو کی گئی ہے، اگر ہمیں فنانس منسٹر یہ بتائیں کہ صوبے نے ہمیں کیا کچھ دیا ہے جب ہم دو تین سال سے ان کے ساتھ بجٹ میں شامل ہوئے ہیں؟ (تالیاں) اور اسی بات پر میں ختم کرنا چاہتا ہوں، کیونکہ کوئی فائدہ نہیں ہے، تجاویز بہت ہیں، Employment generation کے لئے بھی ہمارے پاس تجاویز ہیں، ایجوکیشن کی بہتری کے لئے بھی ہیں، صحت کی بہتری کے لئے بھی ہیں اور ایگریکلچر کے لئے ہمارا Scope بہت زیادہ ہے،

Livelihood کی بہتری کے لئے بھی ہمارے پاس تجاویز ہیں لیکن یہ سب تجاویز ہم تب دیں گے جب ہمیں کوئی بلائے گا، ہم سے وہ تجاویز مانگیں گے۔ تھینک یو۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں ایک ضروری بات کرنا چاہتی ہوں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: چلیں جی، نگہت صاحبہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب، شفیق میرا چھوٹا بھائی ہے، میں سمجھتی ہوں کہ جب کوئی دشمن بھی مر جائے تو اس کے باپ کو یاد کرنے پر ہر مسلمان کو غصہ آتا ہے، چاہے وہ میرا حریف کیوں نہ ہو، چاہے وہ میرا دوست کیوں نہ ہو، چاہے وہ میرا رشتہ دار کیوں نہ ہو، ایسے الفاظ سے گریز کرنا چاہیئے، ماحول ابھی تک بالکل ٹھیک چل رہا تھا، اگر کوئی دھمکی مل رہی ہے کہ کسی کا باپ بھی نہیں بند کر سکتا اور کسی کا فلاں بھی بند نہیں کر سکتا، بہر حال میں نے آپ سے ایک ریکویسٹ کی تھی، میری چونکہ 16 تجاویز ہیں، زیادہ نہیں ہیں اور یہ پانچ منٹ میں میرے خیال میں ختم ہو جائیں گی۔ میں سب سے پہلے اسمبلی کا ایک مسئلہ آپ کے توسط سے فنانس منسٹر صاحب چونکہ نہیں ہیں، وہ تو نوٹ کر رہے ہوں گے کہ جناب سپیکر صاحب، فنانس ڈیپارٹمنٹ نے ہمارے اسمبلی سیکرٹریٹ کے سارے بلز واپس کر دیئے ہیں، اسمبلی سیکرٹریٹ حکومت کا حصہ نہیں ہے، یہ ایک Autonomous body ہے اور اس کے بل فنانس ڈیپارٹمنٹ واپس نہیں کر سکتا، جب فنانس کمیٹی اسمبلی سیکرٹریٹ کا بجٹ پاس کرتی ہے تو فنانس ڈیپارٹمنٹ اس میں اس وقت تک کوئی تبدیلی یا کوئی بھی ایکٹ (ایکشن) نہیں کر سکتا جب تک کہ فنانس کمیٹی خود اس میں تبدیلی نہ کرے۔ فنانس کمیٹی آرٹیکل 88 اور 127 کے تحت وجود میں آئی ہے، ان آرٹیکلز کو کوئی نہیں چھیڑ سکتا ہے۔ جناب سپیکر صاحب، بات یہ ہے کہ فنانس کمیٹی کے جو بل جاتے ہیں، میں فنانس ڈیپارٹمنٹ سے یہ درخواست کروں گی کہ یہ آرٹیکل 88 اور آرٹیکل 127 کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے، اس کے لئے پھر تحریک استحقاق لانا پڑے گی، فنانس منسٹر صاحب پر بھی اور فنانس ڈیپارٹمنٹ پر بھی، یہ میری سب سے پہلی بات ہے۔ دوسری بات میں یہاں پر یہ کہنا چاہوں گی کہ مزدور کی جو تنخواہ ہے وہ سندھ نے 35 فیصد بڑھائی ہے، پنجاب نے 25 فیصد بڑھائی ہے، وفاق نے 15 فیصد بڑھائی ہے اور یہاں ہم نے 16 فیصد بڑھائی لیکن پھر بھی ان کو وہ پوری تنخواہ نہیں ملتی، انگوٹھا ان کی پوری تنخواہ پر لگایا جاتا ہے اور ان کو تنخواہ 12

ہزار، 15 ہزار یا 16 ہزار دے دی جاتی ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میری پولیس، آپ کی پولیس، اس ہاؤس کی پولیس، اس خیبر پختونخوا کی پولیس کے لئے ہماری یہ تجاویز ہیں، یہ میری بجٹ سپیچ نہیں ہے، اگر ہمیں بجٹ کے لئے بلاتے تو ہم ان کو اپنی تجاویز دیتے لیکن عقل کل جو اپنے آپ کو کہتے ہیں، پھر ان کو تجاویز ہی دینا پڑتی ہیں، بجٹ پر سب لوگوں نے اتنی باتیں کر دی ہیں کہ مجھے بات کرنے کی ضرورت نہیں ہے، جناب سپیکر، ہماری پولیس میں پی ایس آئی بھرتی ہوتے ہیں، پوسٹیں نہ ہونے کی وجہ سے وہ لکی مروت، ڈی آئی خان اور بنوں میں گریڈ سات پر کام کر رہے ہیں، یعنی Conditionally، اور میں آپ کے توسط سے یہاں پر آئی جی صاحب سے اور اپنے چیف منسٹر صاحب سے یہ درخواست کروں گی کہ یہ شہداء کے بیٹے ہیں جن کا کوٹہ ہے اور وہ اے ایس آئی اور پی ایس آئی بھرتی ہوئے ہیں اور وہ گریڈ سات پر کانسٹیبل کی تنخواہ پر کام کر رہے ہیں، ان کے لئے وہاں پر پوسٹیں Create کرنا، یہ ہمارے چیف منسٹر صاحب اور ہمارے آئی جی صاحب کا کام ہے۔ دوسری بات پولیس کے بارے میں یہ کہنا چاہوں گی کہ پولیس کی تنخواہیں وہ پنجاب کے برابر کی جائیں، کیونکہ ہماری پولیس بہت شہادتیں دے چکی ہے، بہت ہی زیادہ گھرانے ہیں، کوئی بیوہ ہو گئی، کوئی کسی کا بیٹا شہید ہو گیا، کسی کا بھائی شہید ہو گیا، کسی کے سر سے چادر اتر گئی، بچوں کے باپ تو شہید ہو گئے، اجڑ گئے۔ جناب سپیکر صاحب، میری پولیس کا خون اتنا سستا نہیں ہے کہ ان کو پنجاب کے برابر وہ تنخواہیں نہ دی جا سکیں۔ تیسری بات، جنگلات کے بارے میں ابھی بات ہوئی ہے، چاروں طرف آگ لگی ہوئی ہے، کیا ہم یہ نہیں کر سکتے کہ ایک ریزولیوشن یہاں سے پاس کروائیں کہ اگر آپ کو مرکز نہیں دیتا تو ہم فارن فنڈ سے ایسا ہیلی کاپٹر یا ایسا کچھ وہ کریں کہ جس سے جہاں پر بھی آگ لگے، وہاں پر فوراً وہ آگ بجھائی جا سکے۔ جناب سپیکر صاحب، آگ کی وجہ سے وہ تمام سرسبز ایریا بالکل کالا ہو چکا ہے، وہ خاکستر ہو چکا ہے، اس میں نایاب پرندے بھی تھے، اس میں لوگ بھی تھے، جناب سپیکر صاحب، یہ چیز تو ہمیں ضرور کرنی ہے، سی ایم صاحب کے نالج میں اور خاص طور پر ارمڑ صاحب سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، وہ نوٹ کر رہے ہیں، میں ان سے درخواست کروں گی کہ ہم یہاں سے ایک مشترکہ ریزولیوشن پاس کرتے ہیں کہ ہمارے پاس آگ بجھانے اور جناب یہ صرف ہمارا خیبر پختونخوا ایک صوبہ ہے کہ جو جنگلات کی وجہ سے خوبصورتی کے لئے مشہور ہے۔ جناب سپیکر صاحب، میں نے بجٹ میں ضم اضلاع کے لئے نہ کوئی میڈیکل کالج اور نہ کوئی انجینئرنگ

کالج دیکھا ہے، دیکھیں وہ قبائل کی بات کر رہے تھے، میں ان کے ساتھ ہوں، ان کے ساتھ واک آؤٹ بھی کروں گی، اس لئے کہ میرے قبائل مظلوم ہیں، میرے قبائل کے لئے ایک سو ملین روپے آتے ہیں، وہ کہاں چلے جاتے ہیں؟ جب بھی میرے سوال کا جواب آتا ہے تو وہ کہتے ہیں کہ ابھی تک خرچ نہیں ہوئے، ابھی تک پتہ نہیں کہ کونسے بینکوں میں رکھ کر یہ اس پر سود خوری کر رہے ہیں۔ دوسری بات بی آر ٹی کا روٹ ایمرجنسی ایمبولینسز کے لئے کھول دیا جائے، تقریباً 2200 عورتیں رش کی وجہ سے ایمبولینسز میں بچے جنم دے چکی ہیں۔ اسی طرح جناب سپیکر صاحب، Heart patients کا میرے پاس باقاعدہ اس کا نقشہ بھی ہے، میں سی ایم صاحب کو بھیج چکی ہوں لیکن اس میں میں نے بی آر ٹی روٹ ہسپتال کے ساتھ Connect کرنے کی کوئی بات نہیں سنی ہے۔ اس کے علاوہ پی پی ایچ آئی ایک یونٹ ہے جو کہ میڈیکل کے ساتھ تعلق رکھتا ہے، یہ 196 لوگ ہیں جو برسوں سے کام کر رہے ہیں، اس کو آئی ایم یونٹ کہلاتا ہے اور یہ تمام ہسپتالوں کی نگرانی کرتے ہیں، ان کی مشینری کی نگرانی کرتے ہیں کہ کوئی مشین تو خراب نہیں ہے، جناب سپیکر صاحب، ان 196 افراد کو بالکل ریگولرائز کیا جائے تاکہ وہ اپنا کام خوش اسلوبی سے انجام دے سکیں۔ جناب سپیکر، Juvenile centre جس پر یہاں بڑی بحث بھی ہوئی ہے، ایک بچے نے غربی تھانے میں اپنے آپ کو پھانسی بھی لگا دی ہے، آپ کو یاد ہوگا، بچوں کو بڑوں کے ساتھ تھانوں میں رکھا جاتا ہے اور پھر ان کے ساتھ ایسی حرکتیں ہوتی ہیں جس کی وجہ سے یا تو وہ خودکشی کر لیتے ہیں یا پھر وہ Psycho ہو جاتے ہیں۔ Child Marriage Bill ابھی تک نہیں آسکا، اسی طرح تیزاب گردی کے بارے میں میرا بل جو کہ چار پانچ سال ہو گئے ہیں، نہیں آسکا۔ گھریلو تشدد بل جو کہ پاس ہوا ہے، اس میں ترمیم کے ذریعے ہم لوگوں نے اس میں کمیٹیاں بنائی ہیں لیکن وہ لاء ڈیپارٹمنٹ میں پڑا ہوا ہے، نہ رولز بن رہے ہیں نہ کچھ بن رہا اور نہ ہی اس پر کمیٹیاں بن رہی ہیں۔ ڈی این اے لیب نہیں ہے، ہمیں لاہور جانا پڑتا ہے، آئے روز بچے غائب ہوتے ہیں، ان کی بازیابی کے لئے پولیس کے پاس کوئی ایسا سسٹم نہیں ہے، کیونکہ وہ ابتدائی Twenty four hours جو ہوتے ہیں وہ بہت زیادہ Important ہوتے ہیں۔ اسی طرح جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب مسند نشین: پلیز، Windup کریں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: یہ کیا بات ہوئی، ابھی تو چار منٹ بھی نہیں ہوئے ہیں، دس منٹ ہر بندے کا حق ہے۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میڈم، آپ کی تقریر سولہ منٹ سے شروع ہے، چار بج کر سولہ منٹ پر شروع ہوئی ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، آپ عورتوں کے ساتھ بالکل Discrimination نہیں کریں گے، دیکھیں آپ پارلیمانی لیڈرز کو بیس بیس منٹ دیتے ہیں، آپ مرد ممبروں کو پندرہ پندرہ منٹ دیتے ہیں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی، دس منٹ۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں، بات یہ ہے کہ دیکھیں یہ بجٹ سپیچ ہے اور بجٹ سپیچ میں۔۔۔۔۔

جناب مسند نشین: میڈم، آپ بجٹ پر آجائیں، آپ تجاویز دے رہی ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں تجاویز دے رہی ہوں ناں، کیا میں اپنے آپ کی کارکردگی کو گناؤں، اس پر کتنے نقص نکل آئیں گے، میں تو پازیٹیو تجاویز دے رہی ہوں، پازیٹیو تجاویز آپ لینا نہیں چاہتے ہیں۔۔۔۔۔

(شور)

جناب مسند نشین: میڈم، آپ زیادہ ٹائم لے رہی ہیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: نہیں، ٹائم کیا زیادہ لے رہی ہوں، یہ کیا بات ہے؟ جناب سپیکر صاحب، سیکنڈ شفٹ کے جو ٹیچرز ہیں، ان کو معمول کے مطابق وہ مراعات نہیں ملتی ہیں، 481 نرسز کی بھرتیوں پر اس معزز ایوان میں کئی دفعہ جو Merged area کی ہیں، میں بات کر چکی ہوں، عورتوں کی ترقی کے لئے تین ارب روپے رکھے گئے ہیں لیکن میں چاہتی ہوں کہ وہ Women CAUCUS کو دیئے جائیں کیونکہ وہ بہتر طور پر سمجھتی ہیں، گرے لسٹ سے پاکستان کو نکالا گیا ہے، یہ ہمارے لئے ایک اچھی خبر ہے۔ دوسری میں نے خواجہ سراؤں کے بارے میں کوئی ایسی Positive تقریر میں کوئی ایسی بات نہیں سنی، اگر ہمارے پاس کوئی پڑھے لکھے خواجہ سراء ہیں، ان کو اگر ہم نوکریاں دیں تو یہ معاشرہ غلاظت سے پاک ہو جائے گا۔ آخر میں میں یہ کہوں گی کہ:

وہ لڑکی لال قلندر تھی وہ لڑکی لال قلندر تھی

جو قریہ قریہ ماتم تھی اور بستی بستی آنسو ہیں

صحرا صحرا آنکھیں ہیں اور مقتل مقتل نعرہ ہے

وہ قوم کی بیٹی تھی جو قتل ہوئی، وہ خوشبو ہے وہ عورت ہے

مردہ ہو کر زندہ ہے، تم زندہ ہو کر مردہ ہو

وہ دکھی دیس کوئل تھی وہ لڑکی لال قلندر تھی

وہ بیٹی تھی، پنجاب کی خیبر کی بولانوں کی

وہ سندھ مدینے کی بیٹی وہ نئی کہانی کربل کی

وہ دریا دیس سمندر تھی جو تیرے میرے اندر تھی

وہ سوندھی مٹی سندھڑی کی وہ لڑکی لال قلندر تھی

جناب سپیکر صاحب، یہ نظم میں نے بی بی شہید بے نظیر بھٹو صاحبہ کے لئے پڑھی ہے جو کل ان کی Birth day ہے، وہ میرے لئے اور آپ کے لئے پاکستان آئی، پاکستان میں آ کر اس نے اپنی جان شہید کرا دی، بالکل سارے آئیں اور ان میں اگر اتنی حب الوطنی ہو کہ وہ اپنے پاکستانیوں کے لئے لیاقت باغ میں شہید ہو جائیں تا کہ وہ ہمیشہ کے لئے

وہ لڑکی لال قلندر تھی

جو تیرے میرے اندر تھی

وہ لڑکی لال قلندر تھی

جو تیرے میرے اندر تھی۔

(تالیاں)

<u>جناب مسند نشین:</u> تھینک یو۔ محمد شعیب ایم پی اے صاحب، موجود نہیں۔ احتشام جاوید صاحب، موجود نہیں۔ پختون یار صاحب، موجود نہیں۔ میر کلام وزیر صاحب، موجود نہیں۔ لیاقت علی ایم پی اے صاحب، موجود نہیں۔ جی، ویلسن وزیر صاحب۔

جناب ویلسن وزیر: جناب سپیکر، آپ کا شکریہ کہ آپ نے مجھے سپیچ کا موقع دیا۔ سب سے پہلے میں اپنے صوبے کے وزیر اعلیٰ، منسٹر فنانس، پی اینڈ کا جتنا سٹاف ہے اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کو مبارک باد پیش کرتا ہوں کہ انہوں نے مشکل حالات میں ایک متوازن اور ایک تاریخی بجٹ پیش کیا۔ میں اس کو تاریخی اس لئے کہوں گا کہ یہ 1332 ارب روپے کا بجٹ ہے جس میں 418 ارب روپے ترقیاتی کاموں کے لئے رکھے گئے ہیں۔ اس میں ایجوکیشن کو Focus کیا گیا ہے، ایجوکیشن کارڈ کا اجراء کیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ یہ غریب طلباء کی بڑی حوصلہ افزائی ہے، بہت سے سٹوڈنٹس ایسے ہوتے تھے جو غربت کی وجہ سے کالج اور یونیورسٹی چھوڑ دیتے تھے یا انہیں Exam سے ڈراپ کر دیا جاتا تھا یا انہیں Roll number slip نہیں دی جاتی تھی، ان کو Exam کے لئے فارم نہیں بھیجا جاتا، یہ ایک بڑا اچھا Step ہے۔ راشن کارڈ کا اجراء کر کے یقیناً غریب لوگوں کی حوصلہ افزائی کی گئی ہے۔ جب دس لاکھ لوگوں کو ایسے کارڈز ملیں گے تو یقیناً کسی حد تک غربت میں کمی ہو گی۔ خواتین کی ترقی کے لئے خاطر خواہ فنڈز رکھے گئے ہیں اور صحت انصاف کارڈ کا جو پیکیج ہے وہ ایک کروڑ تک بڑھایا گیا ہے۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ صحت کی سہولتیں ویسے بھی ہماری پاکستان تحریک انصاف کا منشور رہا ہے، یہ کارڈ انہوں نے ہی جاری کیا ہے، یقیناً وہ اس کو مزید بہتر کریں گے۔ ایلیمنٹری اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن پر Focus کیا گیا ہے، غریب بچوں کو کتابوں کی فراہمی، Bags کی فراہمی اور نئے سکول Establish کرنا مطلب پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کو Upgrade کرنا، یہ اچھے اقدام ہیں، صوبے میں نئے کالجز کا قیام، نئی یونیورسٹیوں کا قیام جو کہ اعلیٰ تعلیم کے فروغ کی طرف ایک مثبت پیش رفت ہے۔ قبائلی اضلاع کو صوبائی حکومت نے جو بجٹ دیا ہے، یقیناً یہ حوصلہ افزاء ہے، اس میں اقلیتی برادری کے لئے خصوصی فنڈز رکھے گئے ہیں، خواتین اور خواجہ سراؤں کا خیال رکھا گیا ہے۔ اس کے علاوہ تنخواہوں میں جو سولہ فیصد اضافہ ۔۔۔۔

جناب مسند نشین: نگہت بی بی، آپ سیٹ پر بیٹھ جائیں، شگفتہ بی بی، پلیز۔

جناب ویلسن وزیر: پنشن میں پندرہ فیصد اضافہ کر کے ملازمین کے دل جیت لئے، نئی ملازمتیں تخلیق کر کے بیروزگاری کو کم کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ بزرگ شہریوں کے لئے وظائف کا اجراء یہ بھی ایک مثبت پیش رفت ہے۔ جناب سپیکر، ایسے بجٹ کو میں یقیناً ایک فلاحی بجٹ کہوں گا کیونکہ قائد اعظم نے فرمایا تھا کہ

پاکستان ایک اسلامی فلاحی ریاست ہوگا، میں یہ سمجھتا ہوں کہ پاکستان تحریک انصاف کی جو گورنمنٹ ہے وہ قائدِ اعظم کی جو سوچ تھی،اس پر قدم پیرا ہے،اس کو اپنار ہی ہے اور یقیناً یہ ایک مثبت پیش رفت ہے لیکن میں ایک چیز پر انتہائی افسوس کا اظہار کروں گا کہ وفاقی حکومت نے جو ہماری چوتھی قسط تھی،اس کے ریلیز کرنے میں تاخیر کی ہے۔اس کے علاوہ ہمارا جو بجٹ ہے،اس میں کٹوتی کی ہے، میں اس Floor of the House پر وفاقی حکومت سے یہ مطالبہ کروں گا کہ وہ قبائلی اضلاع پر سیاست نہ کرے، قبائلی علاقوں کے ساتھ پچیسں ہویں آئینی ترمیم میں جو وعدے کئے گئے تھے ان کو پورا کیا جائے۔ چونکہ اس وقت جتنی بھی سیاسی پارٹیاں تھیں، چاہے وہ ہماری پاکستان تحریک انصاف ہے، پاکستان پیپلز پارٹی ہے یا مسلم لیگ نون ہے،ان سب کا ایک ہی وہ تھا کہ قبائلی علاقوں کو خاطر خواہ فنڈز دیئے جائیں گے،Merger کا مطلب بھی یہ تھا لیکن اب اس بجٹ میں کٹوتی کرنا قبائلی اضلاع کے ساتھ بڑا ظلم اور بڑی زیادتی ہے،اس لئے میرا Floor of the House پر وفاقی حکومت سے یہی Demand ہے، یہی مطالبہ ہے کہ وہ قبائلی اضلاع پر سیاست نہ کرے، وہاں کے جو ترقیاتی منصوبے ہیں انہیں پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لئے فنڈز میں کٹوتی نہ کرے۔ بروقت قبائلی علاقوں کے لئے ریلیز زکی جائیں، چونکہ یہ دہشت گردی کے شکار رہے ہیں، وہاں ترقیاتی کاموں کی بہت ضرورت ہے،اس لئے میں یہ چاہوں گا کہ وفاقی حکومت اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرے اور قبائل کی محرومیوں کا ازالہ کرے۔ شکریہ۔

<u>جناب مسند نشین:</u> تھینک یو۔جی نصیر صاحب۔

<u>جناب نصیر اللہ خان:</u> جناب سپیکر صاحب، ډیره مننه۔ زه خپلې خبرې به د یو شعر نه د یو نظم نه Start کړم ځکه چې په اول ځل راغلی یو ، اول سپیچ زمونږ. هغه مطلب چې:

نه د ستایم نه د بل یم
بیا زه څوک یم د چا خپل یم
ستا په ښار کښې بدلېدے شم
پیداوار د تور ځنګل یم
که هندو بر که وی ستر کې

محافظ زه د کارګل یم
که روسیان پرې کړی قبضه
بیا شهید پاس په کابل یم
یمه څوک اوبه د چا څښکم
د کمر د سنډې ګل یم
لوبوی مې قبائل یم
زه پاګل یم زه پاګل یم
چې هر چرته پیښه اوشی
ذمه دار د هر غوبل یم
زه بهیر یم ملا تړلے
بې منزله په مزل یم
(تالیاں)

جناب سپیکر صاحب، نن په دې سره خبرې کوؤ، هسې خو مونږ ته موقع نه ملاویږی، خلق زمونږ د خبرو نه هم خفه کیږی خو ضرورت شته چې لږ د خپل عوام نمائندګی هم اوکړو۔ جناب سپیکر، خبر شو چې د صحت انصاف کارډ نه زمونږ حصه ختمه شوه، د صحت انصاف کارډ نه ئے قبائل اوویستل، نو آیا زه یو تپوس کوم د خپل ګورنمنټ نه هم او د فیډرل نه هم، خو د فیډرل نه ګیله به کوم چې په کوم ټائم باندې دا لیټر شوے دے چې صوبې ته دې حواله شی، هغه لیټر زمونږه د پاکستان تحریک انصاف د حکومت وو، په فیډرل کښې زه ورته حیران یم چې نن په کومه خله باندې ګیله ورته اوکړو؟ بیا چې ستاسو خیبر پختونخوا ته دا ډائریکشنز ملاؤ شو چې دا تاسو په خپل بجټ کښې Adjust کړئ نو هلته کښې مونږ ته نن وئیلې کیږی چې تاسو فیډرل ګورنمنټ د دې نه اوویستلئ، زه یو تپوس کول غواړم چې په این ایف سی کښې په ټول پاکستان کښې، په هره صوبه باندې، په پنجاب، په سندھ باندې زمونږه حصه وه، Same exactly په خیبر پختونخوا کښې هم زمونږه حصه وه چې ګیاره ارب به مونږ ته سالانه ملاویږی نو 31 ارب قرضه زمونږه په دې صوبه هم ده خو په دې هیڅوک هم خبرې نه کوی (تالیاں) چې په دیکښې د قبائلو د غریبو خلقو هغه دے،

بهر حال زه به یو سپیشل خبره اوکړم چې د قبائلو سره حکومت د صحت کارډ Help نه شی کولے خو خیر زه نصیر الله ان شاء الله داسې یو ورکوټے اعلان د صحت کارډ په باره کښې به اوکړم، دا چې تاسو ئے نه شئ ورکولے، دا څومره ورځې اسمبلئ کښې دا زما خپل Basic pay چې کومه ده، که دا صحت کارډ پرې واپس بحالولے شئ، په چنده کښې به ئے درله درکړو خو د قبائلو خلقو سره دا زیادتی مه کوئ، تاسو راته هسپتال نه شئ جوړولے، جناب سپیکر، څلور کاله تیر شو، زما هسپتال په باره کښې وائی چې ورکوؤ ئے، تر ننه پورې Employment پکښې نه دی شوی، مونږه به آخر تاسو نه څه Expect کوؤ؟ دویمه خبره دا ده چې زمونږه دا FATA employees وائی چې سیلری کټ شوه، بیس ارب وائی چې کټ کیږی، آیا مونږ ته مو څومره راکړی دی؟ زمونږه خو ټولې پچاس ارب روپئ هم نه دی چې تاسو چالیس ارب روپئ کټ په مونږه اولګولو، مونږه خو تاسو نه دا تپوس هم نه دے کړے چې هغه زمونږه چوبیس ارب اے ډی پی څه شوه؟ هغه وه، هغه هم تاسو نه ده راکړې، د آئی ټی په نوم باندې تاسو مونږ روان کړی یو، زمونږه د پیسو پته نه لګی، انور زیب خان په دې خبره باندې سوچ کوه، مشر توب مو چې درکړے دے، اوس به صحیح ورسره هم کوؤ، زمونږ Project employees دلته کښې د دوه کالو نه شوی دی، کله Perpetual، کله څه شے، کله څه شے، زمونږ پانچ هزار کسان په تاسو باندې بوجھ شوی دی، تیر ګورنمنټ چې ختمیدو نو پچپن هزار کسان مو واغستل چې دوه میاشتې اول پراجیکټ سټارټ شوے وو، هغه هم ریګولرائز شوی دی، زمونږ والا تاسو نه ریګولرائز کوئ، په هوا هوا کښې شے پاتې دے۔ هغې نه پس د فاټا ډهائی سو لیکچررز دی، لس کالو نه هغوی په هغې کښې جاب کوی لګیا دی خو تیر ګورنمنټ کښې چې کله تاسو ټول د خیبر پختونخوا لیکچررز Permanent کړل نو د فاټاوالا ته وائی چې تاسو زمونږه حصه نه یئ، بیا دا ډیپارټمنټ د خیبر پختونخوا نه ختم کړئ، فیډرل ته مو حواله کړئ، بیا به زمونږه تاسو نه ګیله نه کیږی، زمونږه خلقو ته واپس ورتګ دے، د دې څیزونو به زمونږه نه تپوس کیږی، که مونږه ډیر هم د اربونو خبرې اوکړو، که ډیر هم مونږه اوو ایو چې یره مونږه دغه منظوری اوکړه، زما په علاقه کښې څلور پینځه داسې

پراجیکٹس دی چې یو نیم کال کیږی چې ټینډر ئے هم شوے دے خو ورته یوه روپئ هم نه ورکوی چې پراجیکټ سټارټ شی، نه گورنمنټ پکښې Interested دے او نه هلته کښې لوکل ډیپارټمنټ پکښې Interested دے. ستا د بیوروکریسی پاور دغه دے چې دلته کښې په کیپیټل کښې ناست دے، کمشنر د خپلې مرضئ ایکسئن راولی، د پی اینډ ډی نه یو پراجیکټ والا راوچتوی، هلته کښې ئے د ایکسئن په ځائې کښینوی، دا بد معاشی په مونږه باندې کیږی. جناب سپیکر، زه خو دا وایم چې اسمبلی ختمه کړئ، بیوروکریسی ته به ټول دغه ورکړو، دوئ جانے او د دوئ کار جانے، مونږه هیڅ بے هسې دلته ناست یو، گپونه لگوؤ لگیا یو. د Good governance خبره چې کیږی، زه تاسو ته په گارنټئ دا وایم چې زما په علاقه کښې ډی ایچ او هم په پیسو راځی او ډی ای او هم په پیسو راځی (شیم شیم) Good governance څه شی ته وائی؟ پکار دا ده چې مونږه او تاسو په دې باندې سوچ اوکړو چې دا Good governance څه ته وائی؟ هلته کښې زما ټول خلق ناست دی او مونږه ته غوږ هم نه نیسی، ته وائې چې یار مونږه د فیډرل سره تړلی یو، مونږه د فیډرل سره بالکل نه یو تړلی، یو خو تاسو دا زمونږه نوم بیا چې کله هم اخوا کول غواړئ چې NMDs، زه هیڅ شے نه یم، زه بیا واپس فاټا یم، زه د سره دلته راتلل هم نه غواړم، په دې چې زه NMDs د پاره نه یم راغلے، زه د خیبر پختونخوا حصه جوړیدو ته راغلے ووم، خیبر پختونخوا به مو بولی، ته مو تر اوسه پورې د سره Accept کوئ هم نه، مقصد مو دا دے چې لږ څه خو به وایئ کنه، چې کله بجټ شوک پاس کوی او په بندو کمرو کښې ئے کوی، په زمونږه فیصله نه کوی نو مونږ ته د عوامو د ضرورت څه پته لگی؟ زما ضرورت د خیبر ضرورت، د باجوړ ضرورت، دا مونږ ته پته لگی، مونږ نه چا تپوس هم نه دے کړے چې مونږه څه اوکړو. مونږه اوس دا وایو چې تاسو نه نوی هیڅ هم نه غواړو، هیڅ شے درنه نه غواړو، کوم چې زاړه پراجیکٹس دی نو زمونږه ټوټل پیسې هغه زاړو پراجیکٹس ته واړوئ، صرف چې Complete شی، مونږه هغه خلقو ته صرف خپلې سترگې ورښکاره کولے شو، یار زمونږه پراجیکٹس Complete شو، دا نه شی کیدې چې ایک ارب ستا ایلوکیشن دے نو هلته پکښې لس لکهه، شل لکهه روپئ ایښودلې وی، بیا بل

کال ته مونږه انتظار کوؤ چې یار دې پراجیکټ ته به بیا پیسې راځی، بیا به جوړیږی، نو لږ غوندې Seriousness پکار دے، Seriousness د دې وجې نه پکار دے، تاسو ماشاءالله ټول بختور خلق یئ، په ښارونو کښې یئ، د ښار والا خلق ډیره زیاته پوهه لری، ډیر ښه پرې پوهیږی، مونږه داسې علاقې نه راغلی یو چې هغوی مونږه ته صرف دا خبره کوی چې نصیره! تا څه کړی دی؟ هیڅ شے هم نه ښکاری، هغه د عمران خان په تقریر، هغه زما په تقریر، هغه دلته کښې یو قیمتی چې کوم زمونږه منسټران دی، هغه فنانس منسټر یا بل څوک یو سپیچ اوکړی خو په هغې باندې هلته کښې څوک نه خلاصیږی، هغوی وائی چې یار ما د پاره دې څه کړی دی؟ مونږه د هغه محرومو ختمولو د پاره د خیبر پختونخوا حصه جوړ شوی یو، په Conditional او Conditional څنګه وو؟ چې کوم شرائط باندې خیبر پختونخوا سره Mergeشوی وو، هغه شرائط دې سرته اورسیږی ګنی صفا خبره ده، تاسو ته نن بیا وایم خیبر پختونخوا که خفه کیږی او که خوشحالیږی، ستاسو په مونږه هیڅ احسان نشته، زمونږه احسان درباندې دے، تاسو Land locked area وایئ، یو طرف ته بلوچستان، بل طرف ته ګلګت، بل طرف ته پنجاب او بل طرف زمونږه فاټا نو ما دنیا ته خلاص کړه، دا شے یاد ساته او خیبر پختونخوا دې هر وخت دا خبره یاد ساتی، تاسو په مونږه باندې دا احسان مه راړوئ چې یار تاسو مونږه ځان سره Merge کړئ، جناب سپیکر، که تاسو مو ځان سره نه شئ ایسارولے نو زما د ورسک ډیم، شکر دے زمونږ نوم نن بدل شو، ګنی ما خو دا خبره کوله چې ورسک ډیم هم زما د فاټا دے، نن که په مهمندو کښې جوړیږی، که ګومل زام دے، که هر یو ډیم دے، دا هم زمونږه دی، لږ مو اوپیژنئ، که خپلولې مو شئ، که نه مو شئ خپلولې نو ستاسو خپله لاره زمونږه خپله لاره، مونږ به خپله ځان له صوبه جوړه کړو، بیا ګورو چې تاسو مونږه نه څنګه مخکښې ځئ۔ ډیره مننه، الله مو خوشحاله لره۔

(تالیاں)

جناب مسند نشین: جی دیدار خان۔

جناب محمد دیدار: شکریہ جناب سپیکر، آپ نے اس اہم موقع پر ہمیں ٹائم دیا۔ یہ ہماری گورنمنٹ کا چوتھا بجٹ ہے، اگر ہم دیکھیں تو دوسرا بجٹ پہلے سے زیادہ بہتر ہے، یہ محمود خان صاحب اور تیمور جھگڑا کی سپیشل محنت ہے، ان کی کاوشیں ہیں، ان کی پوری ٹیم کو میں آج مبارکباد دینا چاہتا ہوں اور خراج تحسین پیش کرتا ہوں کہ مشکل حالات کے باوجود ہر ایک طبقے کے عین مطابق بجٹ کرنا اور بالخصوص سرکاری ملازمین کی تنخواہوں میں ان کی توقعات سے بڑھ کر اضافہ، پنشن میں اضافہ اور سب سے بڑھ کر پسماندہ اضلاع کی ترقی کے لئے ڈسٹرکٹ ڈیویلپمنٹ پلان، جس سے تمام اضلاع کی یکساں ترقی ممکن ہوگی، ترقی یافتہ ضلعوں کے ساتھ پسماندہ اضلاع بھی Develop ہوں گے، جس پر میں وزیر اعلیٰ محمود خان کا انتہائی مشکور ہوں، انہیں خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، میں اپنے حلقے کی بات کروں گا، میرا حلقہ اپر کوہستان چار تحصیلوں پر مشتمل ہے، میں نے پچھلے دو بجٹ سیشن کے دوران اس Floor پر اپنے حلقے کے لئے دو بڑے مطالبے کئے تھے، سوپٹ ویلی روڈ اور کنڈیا ویلی روڈ، آج الحمد للہ میں وزیر اعلیٰ صاحب کا انتہائی مشکور ہوں، دل سے ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ چار پانچ دن پہلے وہ میرے ساتھ خود آئے، ان دو پراجیکٹس کا انہوں نے اپنے ہاتھوں سے افتتاح کیا، میں وزیر اعلیٰ صاحب کا انتہائی مشکور ہوں۔ جناب سپیکر، میرے حلقے کا ایک اور بہت بڑا ایشو جو کہ کئی سالوں سے لٹکا ہوا تھا، وہ ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپیٹل داسو جو کئی سالوں سے یہ ایشو لٹکا ہوا تھا، بہت سی گورنمنٹس آئیں اور چلی گئیں لیکن کسی نے مڑ کر اس ہاسپیٹل کی طرف دیکھا نہیں، آج میں تیمور خان کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے بالآخر ہمارا یہ جو ایک اہم ایشو تھا، اس کو حل کر کے دیا، یہ ہاسپیٹل پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت Functional ہے، الحمد للہ مکمل طور پر Functional ہو چکا ہے، جس پر میں تیمور خان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ جناب سپیکر، جس طرح میں نے پہلے کہا تھا کہ میرا حلقہ چار تحصیلوں پر مشتمل ہے، ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہاسپیٹل داسو جو کہ اب مکمل طور پر Functional ہو چکا ہے، باقی تین تحصیلیں ہیں، وہاں پر تینوں تحصیلوں میں کسی قسم کا کوئی کالج نہیں ہے، صرف داسو میں ایک کالج ہے، وہ بھی Non-functional ہے۔ جناب سپیکر، میں ہائر ایجوکیشن سے یہ گزارش کروں گا کہ ڈگری کالج داسو کو جلد از جلد Functional کیا جائے، پچھلے بجٹ سیشن کے دوران یہاں پر نلوٹھا صاحب نے ایک بات کی تھی ، یہاں پر انہوں نے اپنی نون لیگ گورنمنٹ کی کارکردگی گنوائی، انہوں نے آخر میں

داسوڈیم کا نام بھی لیا کہ داسوڈیم بھی نون لیگ کا ایک منصوبہ ہے، یہ میں بتانا چاہتا ہوں کہ داسو ڈیم کی Feasibility study 2001 میں ہوئی تھی، اس کے بعد یہ ایک مردہ پراجیکٹ کی طرح پڑا ہوا تھا، نہ یہاں پر لوکل لوگوں کے ایشوز حل ہوتے تھے، نہ کوئی اور کام ہوتا تھا، لوگ دردر کی ٹھوکریں کھارہے تھے، الحمد للہ جب عمران خان وزیر اعظم بنے تو انہوں نے داسوڈیم کے متاثرین کو Special priority دی، انہوں نے خود تمام تر لوکل ایشوز اپنے گورنمنٹ کے دور میں حل کروائے ہیں، اب یہ Imported government آئی ہے، اب دو مہینے نہیں ہوئے ہیں داسوڈیم کے متاثرین دوبارہ روڈوں پر آنے پر مجبور ہوئے ہیں، لہذا اس امپورٹڈ حکومت کو ہم یہاں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ اس طریقے سے اگر آپ دوبارہ لوگوں کے حقوق پر ڈاکہ ڈالنا چاہتے ہیں تو یہ بالکل ہمیں نامنظور ہوگا، وہ ان شاءاللہ آپ ڈال بھی نہیں سکتے ہیں۔ بہت شکریہ۔

جناب مسند نشین: تھینک یو۔ جی غزن جمال صاحب۔

سید غازی غزن جمال: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔ سب سے پہلے اگر خیبر پختونخوا سائڈ کی بات کریں تو Let me begin by congratulation CM Sahib, Taimur Sahib اور ان کی جو ٹیم ہے، انہوں Progressive budget بنایا، اگر ہم اس کے End پر دیکھیں تو کوئی نئے ٹیکسز نہیں لگائے گئے، پرانے ٹیکسز جس میں پچھلے سال جو بہت بڑی چھوٹ دی گئی تھی، اسی کو Continue رکھا گیا ہے، پنشن فنڈ کو Secure کرنے کے لئے جو ایک بہت ہی ضروری اقدام کیا ہے، Merged areas پر بھی اور خیبر پختونخوا سائڈ پر بھی۔ اس کے علاوہ Ongoing schemes کے اوپر زیادہ توجہ دی گئی ہے کہ زیادہ فنڈنگ اس پر ہو تاکہ جو کام شروع ہوگئے ہیں ان کو مکمل کیا جائے لیکن جیسے جناب سپیکر، میرے Colleagues نے افسوس کے ساتھ بات کی کہ اگر ہم Merged areas کو دیکھیں تو بجٹ میں بہت ایشوز ہیں۔ جناب سپیکر، جب Merger process ہو رہا تھا تو اس وقت کے Merged districts کے جو ایم این ایز تھے ان میں میرے والد صاحب Included تھے، اس لئے مجھے وہ سارا پراسیس کا پتہ ہے، اس وقت وہ یہی سیکورٹی مانگ رہے تھے جس کا آج ہم یہاں پر سارے گلہ کر رہے ہیں، وہ اسی سیکورٹی کی بات کر رہے تھے کہ آپ ہمیں Surety دیں، ہمیں ایشورنس

دیں،Legal coverدیں کہ قبائلی اضلاع کو این ایف سی میں اپنا تین فیصد شیئر ملے گا، تین فیصد نہیں بلکہ زیادہ ہونا چاہیئے، این ایف سی ایوارڈ میں ان کو اپنا حق اپنے عوام کی تعداد اور زمین کے مطابق جو فارمولا ہے اس کے مطابق ملنا چاہیئے۔ بیس ہزار نوکریوں کے جو وعدے ہوئے تھے اس کی آپ Surety دیں، اس کا Legal cover دیں۔ اس کے علاوہ جو یونیورسٹیز ڈیویلپمنٹ کے جتنے وعدے تھے، ہمارے Transition period جو دس سال کے اندر ایم این اے کی سیٹیں تھیں، ان کی حفاظت کے لئے آپ ہمیں Legal cover دیں، Legal surety دیں لیکن جتنی سیاسی پارٹیز تھیں، انہوں نے اس سے انکار کیا، انہوں نے کہا کہ ہم آپ کو ایشورنس دیتے ہیں کہ یہ ساری باتیں ہم Cover کریں گے، ان کے ساتھ انہوں نے پورا ایک Booklet چھپوایا جس کے اندر ساروں کے Signature موجود ہیں۔ میں بالکل مانتا ہوں کہ جے یو آئی کے ممبرز موجود نہیں تھے لیکن انہوں نے بھی ہمیشہ یہی بات کی ہے کہ ہم قبائلی اضلاع کا جتنا حق ہے اس سے زیادہ دینا چاہتے ہیں، کیونکہ یہ علاقہ پیچھے رہ گیا ہے، اگر آج ہم دیکھیں تو Simple point of view تھا جناب سپیکر، ان ایم این ایز کا یہ Point of view تھا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہم فاٹا سے خیبر پختونخوا بنائیں گے، ہم یہ نہیں چاہتے کہ خیبر پختونخوا سے فاٹا بن جائے لیکن آج ہماری تو خوش قسمتی تھی، دو تین سال وفاق میں حکومت اور صوبے میں حکومت Same تھی، ہمیں وفاق سے تھوڑا زیادہ فنڈ آرہا تھا لیکن ہمیں اپنی حکومت سے بھی گلہ ہے، اپنی پارٹی سے بھی جو پنجاب میں وہاں پر موجود تھی، انہوں نے ہمیں ایک روپیہ نہیں دیا، ہمیں گلہ ہے سندھ کی حکومت سے بھی کہ جب Merger کے دوران اتنے بڑے بڑے وعدے کئے، ہمیں ایک روپیہ نہیں دیا۔ ہمیں گلہ ہے بلوچستان سے بھی کہ وہاں پر بھی انہوں نے تب تو سارے Signatures کئے، ہمیں ایک روپیہ نہیں دیا، بلکہ ہمیں وفاق سے بھی یہ گلہ ہے کہ چاہیئے یہ تھا کہ وہ مکمل پیسے کاٹ کر جو ہمیں ایک سو ارب تھے، وہ ہمیں مکمل پورے کے پورے ملنے چاہیئے تھے لیکن ہمارے ساتھ ایک پراسیس کا وعدہ ہوا کہ ٹھیک ہے ابھی Merger ہوا ہے، شروع میں ہم آپ کو کم دیں گے، ہم ایک پراسیس سٹارٹ کریں گے، پہلے سال اگر ہمیں Merger سے پہلے 21 ارب ملتے تھے ترقیاتی فنڈ کے لئے تو ہمیں اس Merger کے فوراً بعد 38 بلین ملے، آہستہ آہستہ کر کے پچھلے سال ہمیں 71 بلین تک پہنچے، جس کے اندر کہا گیا کہ خیبر پختونخوا مزید چھ ارب روپے دے گا۔ جناب سپیکر،

جس طرح میرے Colleagues نے سوال اٹھایا کہ ہمارا حق چھ ارب سے زیادہ بنتا ہے، مجھے پتہ ہے فنانس منسٹر صاحب نے یہاں پر بتایا کہ انہوں نے کچھ اور چیزوں میں بھی Spending کی ہے لیکن اس کی وضاحت ہمیں یہاں پر چاہیئے کہ وہ Exactly تین فیصد کے تحت قبائلی اضلاع کا کتنا شیئر بنتا ہے اور وہ کس کس جگہ کے پی نے ہمیں دیا ہے؟ تاکہ ہمارا یہ گلہ خیبر پختونخوا سے کم از کم ختم ہو۔ جناب سپیکر، جہاں تک باقی پارٹیوں کی اور باقی صوبوں کی ہم نے بات کی تو ہم ان شاءاللہ Expect کرتے ہیں کہ یہ آواز ہمارے ساتھ اپوزیشن کے جو دوست ہیں وہ بھی یہ آواز ساتھ ہی ساتھ اٹھائیں گے، ہم تین سال سے یہاں پر بیٹھے ہیں جس میں یہاں قبائلی اضلاع کے Sitting rolling party members بھی ہیں، یہاں پر ہمارے خلاف بڑی تنقیدیں بھی ہوئیں، ہمیں باتیں کرنا آتی ہیں جناب سپیکر، آج آپ ساروں نے سنیں، ہم نے بھی اپنے عوام کو جواب دینا ہے لیکن جب ہمارے Opposition colleagues نے آواز اٹھائی، جب پراجیکٹس شروع ہی نہیں ہوئے، انہوں نے آواز اٹھائی کہ جی Delay ہو رہا ہے، آپ لوگوں سے Spending نہیں ہو رہی ہے جبکہ Hundred percent spending ہو رہی ہے، ہم نے کیوں کچھ نہیں بولا؟ کیونکہ ہم نے کہا کہ اگر اسی بہانے ہمیں پانچ دس روپے اپنا حق کا زیادہ حصہ مل جائے تو اچھی بات ہے، ہمیں جب پتہ تھا کہ پیسے ضائع نہیں ہوتے، وہ Re-appropriate ہو کر کسی اور محکمے کی طرف لگ جاتے ہیں لیکن ہمارے اوپر تنقید ہوئی، ہم نے کچھ نہیں بولا، کیونکہ ہم نے کہا کہ اگر پانچ یا دس روپے زیادہ مل جائے تو اچھی بات ہے، قبائلی اضلاع بہت پیچھے رہ گئے ہیں، ان کی تھوڑی ترقی ہو جائے گی، جب یہ کہا گیا کہ قبائلی اضلاع میں کچھ نہیں ہو رہا ہے، ہم وہاں پر جا کر ان روڈوں کا، ان پانی کی سکیموں کا، ان ایریگیشن سکیموں کا، ان سکولوں کا افتتاح کر رہے تھے، ہم نے کچھ نہیں بولا، کیونکہ ہم نے کہا کہ اگر اسی طرح زیادہ روڈیں مل جائیں، زیادہ تیزی سے ترقی ہو جائے تو اچھی بات ہے۔ آج ہم بھی یہی Expect کرتے ہیں کہ ان شاءاللہ تعالیٰ جتنے ہمارے اپوزیشن کے ممبرز ہیں، آج ان کا اختیار ہے کہ یہ ہمارے ساتھ اٹھیں گے اور اگر ہمیں اپنا حق صحیح طریقے سے اس بجٹ کی Completion تک نہیں ملا تو یہ ہمارے ساتھ اٹھیں گے، یہاں پشاور میں دھرنا بھی دیں گے، اسلام آباد میں بھی دھرنا دیں گے اور ہم نے جس طرح (تالیاں) میرے Colleagues نے کہا کہ ہم کسی سے بھیک نہیں مانگ رہے ہیں، یہ ہمارا حق ہے، یہ ہمیں دینا

پڑے گا، یہ ہم لے کر رہیں گے۔ جناب سپیکر، ہمارا اس سال Backward some motion moment شروع ہو گی، جس طرح میں نے کہا، ہمارا تو یہ خیال تھا کہ 38 بلین سے سٹارٹ ہوا جو سو ارب بنتا تھا، 38 بلین سے سٹارٹ ہوا ہے اور یہ ٹھیک ہے کہ Seventy one تک پہنچا ہے، ہم نے کہا کہ یہ آہستہ آہستہ کر کے دس سال میں جو ہمارے ساتھ ایک ہزار ارب کا وعدہ کیا گیا تھا وہ پورا ہو جائے گا لیکن اس سال مزید بیس ارب ہم پیچھے چلے گئے ہیں، ترقیاتی بجٹ دوبارہ پچاس ارب بنایا گیا، الٹا بڑھانے کی بجائے، ہم تو سمجھ رہے تھے کہ 80 یا 90 ارب کم از کم ہو گا، یہ کٹوتی ہم سے ہوئی، 9.5 کھرب کا فیڈرل بجٹ بنتا ہے اور باقیوں کی سیلریز بھی بڑھتی ہیں، ایوارڈز بھی بڑھتے ہیں اور سب سے زیادہ زور قبائلی اضلاع پر جو پہلے سے سب سے پیچھے رہ گئے ہیں، دوبارہ قربانی ہمارے اوپر، جناب سپیکر، آخر یہ قبائلی اضلاع کب تک قربانی دیتے رہیں گے؟ ان باقیوں نے بھی قربانی دینی ہے یا صرف ہم نے ہی قربانیاں دینی ہیں (تالیاں) یہاں تک کہ اس سال تو سیلریز کا بجٹ بھی نہیں رکھا جبکہ ہر صوبہ اور وفاق Salaries increase کا اناؤنسمنٹ کر رہا ہے۔ ہمیں 21 ارب کم دیئے گئے ہیں جس کی وجہ سے ہمارے اپنے قبائلی اضلاع کے جو Employees ہیں، ان کی ہمیں تقریباً پندرہ فیصد تنخواہیں کاٹنا پڑیں گی ورنہ ہمارے پاس بجٹ میں دینے کو نہیں ہو گا، یہ جو سارے ہیں، اگر ان کا یہ خیال ہے کہ ہم کمزور پڑیں گے، ہم سارے اکٹھے ہو کر نکلیں گے، اگر ہمیں تنخواہیں نہیں ملیں گی تو کسی کو نہیں ملیں گی، ہم یہ Ensure کرا کے رہیں گے۔ (تالیاں)

جناب سپیکر، قبائلی اضلاع کے اندر بھی اگر دیکھا جائے تو جو ہمارے آئی ڈی پیز ہیں، اب یہ بہت افسوس کی بات ہے جناب سپیکر، یہ بڑی ضروری بات ہے، سب سے زیادہ تکلیفیں انہوں نے گزاری ہیں، دس دس سال، پندرہ پندرہ سال لوگ آئی ڈی پیز رہے، ان کے گھر تباہ ہوئے، ان کے سکول تباہ ہوئے، ان کے ہسپتال تباہ ہوئے، ان کے واپس جانے کے راستے نہیں ہیں اور جو پیسے کاٹے گئے ہیں، یہ ٹی ڈی پی کے جو فنڈز ہیں، جو 17 ارب ملتا تھا، یہ Reconstruction کے لئے تو اسے زیرو کر دیا گیا، انہوں نے یہ اس لئے کیا کہ سب سے پہلے جو زیادہ تکلیف میں لوگ تھے، ان کو مزید تکلیف ملے، اس کے علاوہ جن لوگوں کے آج سے دو دو اور ڈیڑھ ڈیڑھ سال پہلے سروے ہوئے ہیں، چار لاکھ سے کیا بنتا ہے، چار لاکھ سے تو وہ ملبہ بھی نہیں اٹھتا لیکن وہ جو چار چار لاکھ ہیں، وہ بھی ریلیز نہیں ہوئے، ان لوگوں کو اپنے پیسے ملیں، یہ ہماری صوبائی

حکومت سے ریکویسٹ ہے کہ جلد از جلد سب سے پہلے، بلکہ میں تو کہتا ہوں اگلے بجٹ سے پہلے پہلے یہ ریلیز ز تو ہوں، تاکہ لوگ اپنے گھر واپس آباد کر سکیں۔ اس کے علاوہ نئے سروے کی ضرورت ہے، ہم نے یہ سنا ہے کہ اب یہ آخری سروے چل رہا ہے، جون کے بعد مزید سروے نہیں ہوں گے، کم از کم اورکزئی میں میں سمجھتا ہوں، مجھے پتہ ہے، ہم نے اپنے وہ Account وہ Numbering دیکھی ہیں، تقریباً ہمیں ڈھائی ہزار اور سروے اورکزئی میں چاہیئے، اسی طرح خیبر میں ضرورت ہو گی، وزیرستان میں ضرورت ہو گی، مہمند میں ضرورت ہو گی، باقی علاقوں میں ضرورت ہو گی، ان سروے کے Process میں ہر ایک کو اپنا اپنا حق ملنا چاہیئے، اس کو Extension کی خواہ مخواہ ضرورت ہے۔ جناب سپیکر، Spending ان پچھلے تین سال میں کافی ہوئی، جس طرح میرے Colleague نے بات کی، اب ہمیں ان کاموں کو مکمل کرنے کی ضرورت ہے ورنہ مزید پراجیکٹس کو Approve کرنے کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ بہت سے ایسے محکمے بھی ہیں، جن کے اندر بہت بڑی Spending ہوئی ہے، ان کا Impact analysis کرنا چاہیئے کیونکہ ہمیں وہاں On ground پر ان کا Proper impact نظر نہیں آتا، کم از کم مجھے اورکزئی کے اندر نہیں نظر آ رہا، اگر وہ ہم ایگریکلچر ڈیپارٹمنٹ میں Research کے علاوہ جنہوں نے اورکزئی کے اندر ایک بہت اچھا اقدام اٹھایا جو ہمارا پہلے وہاں پر ماروانا یا چرس اگتا تھا، اس کی جگہ اب لوگ آلو وغیرہ اگا رہے ہیں لیکن اس کے علاوہ ایگریکلچر میں اربوں لگے ہیں۔ جناب سپیکر، میں نے اس سال دوبارہ دیکھا ہے کہ چار ارب کم و بیش ان کو ایلوکیشن ہوئی ہے، ہمارے تو وہاں پر وہی پرانے جو اگتا تھا، وہی پرانے طریقوں سے اگتا ہے، اس کا Impact analysis کیا جائے کہ اس کا قبائلی اضلاع کے لوگوں کو کیا فائدہ ملا، ان کے روزگار میں کیا فرق آیا؟ فارسٹ کے لئے ہم سے نہیں پوچھا گیا کہ ہم Proper ایک پالیسی دیں جس کے تحت پرانے درخت بھی بچیں اور نئے درخت بھی لگیں، اب لوگوں کے گھر جس طرح میں نے کہا کہ اس کے پاس بنانے کے لئے کچھ نہیں ہے، وہ پرانے درخت کاٹ رہے ہیں اور یہاں پر ہم مزید فنڈنگ دے رہے ہیں کہ نئے درخت لگائیں، کدھر ہے وہ پالیسی؟ یہ تو مجھے دوطرفہ پالیسی نظر آ رہی ہے، اس کے اندر ضرورت ہے کہ اس کا ذرا Impact analysis کیا جائے کہ یہ پیسے جو لگ رہے ہیں، اس سے واقعی فارسٹ کوئی زیادہ بڑھ بھی رہا ہے یا مزید کٹنگ ہو رہی ہے۔ جناب سپیکر، اس کے علاوہ انڈسٹریز میں جو

ہمارے ساتھ وعدے کئے گئے تھے کہ ٹیکسز نہیں لگیں گے، ٹیکس فری زون ہوں گے لیکن ہماری انڈسٹریز کے اوپر ٹیکسز لگے، ہماری اپنی حکومت میں بھی لگے ہیں، اب تو اور بھی زیادہ لگ رہے ہیں، وہ انڈسٹریز ہماری بند ہوتی جا رہی ہیں۔ اس کے علاوہ جو Skills Training Programs تھے وہ Skills کیونکہ علاقے میں اتنے روزگار کے مواد نہیں ہیں، فنڈنگ ہو رہی ہے لیکن اس کا ریزلٹ ہمیں نظر نہیں آ رہا، ان ساری سکیموں کا ہمیں Detailed impact اس ہاؤس کے اندر، ایوان کے اندر چاہیئے۔ جناب سپیکر، گورننس کی بات ہوئی، بس میں ختم کرتا ہوں، جناب سپیکر، گورنینس کی بات ہوئی۔۔۔۔

جناب مسند نشین: جی اشتیاق صاحب۔

سید غازی غزن جمال: جناب سپیکر، گورننس کی بات ہوئی، گورننس میں سب سے زیادہ ایشو یہ بنتا ہے کہ قبائلی اضلاع میں بیس بیس سال کے پرانے زمانے کے مافیا بیٹھے ہوئے ہیں لیکن یہاں پر سی ایم صاحب کا ہم شکریہ ادا کرتے ہیں کہ انہوں نے Two years policy declare کی کہ جو لوگ ایک کرسی پر دو سال سے بیٹھے ہوں ان کی تبدیلی ہو گی لیکن ہمارے ڈی سی تبدیل، ایکسئن تبدیل، ڈی ای اوز تبدیل، ڈی ایچ اوز تبدیل لیکن جو Mafia نیچے بیٹھا ہوا ہے، ان کی تبدیلی آخر کیوں نہیں ہو رہی؟ (تالیاں) یہ پالیسی بنی ہوئی ہے، یہ تبدیلی ہر علاقے میں ہے، نہ ہم سے پوچھیں، نہ کسی اور ممبر سے پوچھیں، بس جن کا دو سال سے زیادہ ہو گیا ہے مہربانی کر کے ان ساروں کو کل ہی اس ایریا سے نکال دیں، ہم Fresh start لیں۔ (تالیاں) جناب سپیکر، قبائلی اضلاع کے لئے نئی سکیمز بھی بنی ہیں، جس طرح میرے Colleagues نے کہا، ضروریات باقیوں سے مختلف ہیں، ہم سے پوچھا جائے۔ جناب سپیکر، اب جس طرح یہاں پر گرڈ کے اوپر مزید بجلی کا کوئی نظام نہیں ہے، ہمیں ہمارے گرڈ کے اوپر اتنی مہنگی بجلی ڈالنا، وہ تو ہمارے ساتھ فیڈرل گورنمنٹ نے اور اچھائی کر لی کہ بجلی اور بھی مہنگی کر لی، ہم کدھر Afford کر سکتے ہیں، اگر اس کی بجائے کوئی ایسی سکیم آتی جو Off grid solution ہمیں دیتا، کوئی Merged Areas Skills Development Fund بنایا جاتا۔ اس کے علاوہ وہاں پر کوئی Cash for worth program ہوتا، بیروزگاری بہت حد سے گزر چکی ہے۔ اس کے علاوہ اس طرح کی سکیم ہوتی، جناب سپیکر، جس طرح میں نے کہا Alternate construction material کی کوئی سکیم ہوتی، لوگ

درخت کاٹ کاٹ کر پورے جنگلات ختم ہو گئے ہیں لیکن اس طرح کی سکیمیں ہمیں نظر نہیں آئیں، یہ ہماری مشاورت کے بغیر سکیمیں بننا اور پراجیکٹس بننا، اس کا پھر صلہ یہی ہو گا کہ Run of the mill projects چلتی رہیں گے لیکن جو اصلی تبدیلی اس علاقے میں آنی ہے وہ ہم بتائیں گے کہ وہ تبدیلی کس طرح آئے گی، اس کے اندر ہماری مشاورت خواہ مخواہ انتہائی ضروری ہے۔ جناب سپیکر، میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں، آخر میں میں یہی کہوں گا کہ جو ایک سازش کے تحت قبائلی اضلاع کو خواہ مخواہ Unstable کیا جا رہا ہے، بہت دیر بعد بیس سالوں کی جنگ کے بعد وہاں پر Stability آئی ہے لیکن یہ جو بھی فیصلے کئے گئے ہیں، جو فنڈ کاٹ کر ترقیاتی سکیمیں روک کر لوگوں کی تنخواہیں کاٹ کر، یہ ہمیں صحت کارڈ سے نکال کر، Second rate citizens بنانے کی جو کوشش کی جارہی ہے اور سازش کی جارہی ہے، اس سازش کو قبائلی اضلاع کے لوگ کبھی قبول نہیں کریں گے، (تالیاں) ہم یہاں پر دھرنا بھی دیں گے، اگر ضرورت پڑی تو وہ حق ہم اسلام آباد سے چھین کر بھی لے کر آئیں گے۔ بہت شکریہ۔

(تالیاں)

جناب مسند نشین: محترمہ ثمر بلور، ایم پی اے صاحبہ، موجود نہیں۔ جی منسٹر انور زیب صاحب۔

جناب انور زیب خان (وزیر زکواۃ وعشر): اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ ډیر قابل احترام سپیکر صاحب، زه ستاسو او د ټول ایوان توجه غواړم، ولې چې زه د خپلې ضلعې خبره نه کوم، زه د خپلې حلقې خبره نه کوم، زه د ټول Merged اضلاع خبره کوم۔ د کله نه چې دا امپورټډ حکومت راغلے دے او په مونږ باندې مسلط شوے دے نو د ټولو نه اول ئے د قبائلو سره د دشمنئ آغاز اوکړو، چې اکیس ارب روپئ د دې پسمانده قبائلو، د دې بې کوره شوؤ قبائلو په فنډ باندې اکیس ارب روپئ کټ اولګولو، دا په هیڅ صورت باندې مونږ ته منظور نه ده، دا بالکل ناقابل قبول ده۔ دویم زمونږه د صحت کارډ چې کومه مسئله ده، د صحت کارډ Bill باقاعده د دې اسمبلئ نه پاس شوے دے، هغه Bill ته یو Covering ملاؤ شوے دے، که اوس وفاق دا خبره کوی چې دا Merged اضلاع به د صحت کارډ نه اووځی او یو خط ئے زمونږه منسټر صاحب ته رالیږلے دے، دا خط په هیڅ صورت باندې مونږ ته قابل قبول نه دے،

(تالیاں)    په دې وجه قابل قبول نه دے چې زما Merger شوے دے، زه د خیبر پختونخوا حصه جوړ شوے یم، چې کله نه زه د خیبر پختونخوا حصه جوړ شوے یم، د خیبر پختونخوا عوامو ته چې کوم سهولت ملاویږی، دا د قبائلو حق دے او دا د صوبې جنګ دے، د صوبائی ګورنمنټ سره مونږ شانه بشانه اودریږو او د مرکز نه به خپل حق غواړو۔ زمونږ د اپوزیشن چې څومره ممبران دی، زمونږه څومره هم ملګری دی، دا ټول به هم په دیکښې زمونږ سره Support کوی (تالیاں) خو که صوبه دا خبره کوی او زما فنانس منسټر دا خبره کوی چې د مرکز نه خط راغلے دے او د مرکز نه دا جواب دے چې دا د صحت کارډ نه قبائلی اضلاع اویستلے شی، دا د صوبې ذمه داری جوړیږی، دا د صوبائی ګورنمنټ ذمه داری جوړیږی چې Merger شوے دے، زه د صوبې حصه یم نو په کومه طریقه باندې مرکز له اختیارات ورکړے کیږی چې مرکز به د هغه ځائې نه په ما باندې فیصلې مسلط کوی او د قبائلی اضلاع عوام به د صحت کارډ نه اوباسی؟ حالانکه د صوبائی ګورنمنټ د عمران خان د سوچ او د ویژن مطابق د ټولې صوبې د عوامو د پاره د صحت کارډ کومه فیصله چې شوې ده، دا یو بهترینه فیصله شوې ده، بیا زمونږ قبائل ډیر پسمانده خلق دی، مونږ ډیر وروستو پاتې شوی خلق یو، مونږ ته به چې په کور کښې څوک بیمار شو نو زمونږ د قبائلو څه شے وو یا به ئے په کور کښې غوا یا میخه د خپلو بچو د پاره ساتلې وه، تو له نیمه سونا به ورسره وه، اول به ئے هغه بازار ته یوړه، وروستو به ئے د خپل مریض د علاج غم کولو۔ د شپږو میاشتونه دا ټول کیبنټ ممبرز ناست دی، بار بار ما په دې باندې په کیبنټ کښې خبره کړې ده، چې د فیډرل ګورنمنټ سره د صحت کارډ یا د Merged اضلاع د فنډ زمونږ حق دے، صوبه به ترې نه زما فنډ اخلی خو په صحت کارډ کښې چې څنګه د خیبر پختونخوا عوام شامل شوی دی، دغسې دې د Merged اضلاع عوام هم شامل شی۔ چې په اول ځل باندې اعلان اوشو نو مونږ په خپلو علاقو کښې سپیچز اوکړل، مونږ Posts اولګول چې د قبائلو محرومیانې ختمې شوې او اوس قبائل هم چې کوم شناختی کارډ دے، دا د قبائلو صحت کارډ شو او دا زمونږ سره منلې شوې ده۔ یو خو دا خبره چې دې صوبې سره مونږ ولاړ یو، منسټر صاحب نشته دے خو هیلتھ منسټر، فنانس منسټر

دې دا خبره نوټ کړی چې څنګه تا باندې د دې Down District حق جوړیږی، د غسې حق په تا باندې د Merged اضلاع هم جوړیږی، (تالیاں) د دې د پاره به زما سره ټول د اپوزیشن ورونړه، زمونږ د Merged اضلاع ممبران، زمونږ دا کوم سرکاری ممبران چې دی، زمونږ منسټران صاحبان، زمونږ چیف منسټر صاحب، که زمونږ هلته مظاهرې ته ضرورت پیدا کیږی، که دهرنا ته ضرورت پیدا کیږی خو مونږه به د خپل حق نه چرته هم شاته پاتې نه شو، ولې چې قبائلو له دوه اویا کاله پس صوبائی نمائندګی ورکړلې شوې ده، د قبائلو دې ممبرانو ته ډیر زیات نظر دے چې زمونږ نمائندګان په اسمبلئ کښې ناست دی، زمونږ د حق د پاره به آواز پورته کوی، زمونږ د حق د پاره به چغه کوی نو آیا مونږ د دې د پاره راغلی یو چې مونږه به صرف Yes او No ته ناست وو یا که نه مونږه به د خپلو قبائلو خبره هم کوؤ؟ (تالیاں) نور زمونږ د Merged اضلاع چې څومره ممبران دی، مونږ باقاعده په دې باندې مشاورت کړے دے، مونږ په دې باندې خبره کړې ده، که زما په مرکز کښې کوم حق جوړیږی نو د مرکز نه به هم خپل حق غواړم او که صوبه کښې زما ګورنمنټ دے، دلته زما خپل وزیر اعلیٰ ناست دے، دلته محمود خان ناست دے، دلته به هغه زما د حق د پاره آواز پورته کوی، (تالیاں) زه ئے ملګرے یم، زه ورسره ولاړ یم، دا ټول اپوزیشن ممبران به ورسره ان شاءالله اودریږی، په صوبه کښې او په وفاق کښې دواړو کښې به اودریږو۔ زمونږه چې کوم هسپتالونه په PP mode باندې اچولی شوی وو، زمونږ په باجوړ کښې تقریباً Overall، زه د Merged اضلاع خبره کوم خو د باجوړ د مسئلو ماته پته ده، ولې چې زما تعلق د باجوړ سره دے، درې هسپتالونه دا په PP mode باندې چې په اوچ کښې جوړ شوی دی او په کروړونو روپئ فنډ پرې د حکومت لګیدلے دے، په هغې کښې زمونږ سره باقاعده Promise اوشو، زمونږ سره وعده اوشوه، بیا زمونږ د ټولو قبائلو د کور کمانډر سره په بالاحصار کښې جرګه اوشوه او هلته هم زمونږ سره دا Promise اوشو چې په یوه میاشت کښې به دننه دننه دا هسپتالونه مونږ په PP mode باندې سټارټ کوؤ، هغه زمونږه هسپتالونه د PP mode نه اویستلی شو، د هغې بجټ دې امپورټډ حکومت ختم کړے دے، زه ئے پر زور الفاظو کښې مذمت

کوم۔ جناب سپیکر، زمونږ سره د Merger نه مخکښې د Twenty eight thousand vacancies، لیوز او خاصه دار خو ختم شوی دی، د پولیس فورس وعده شوې وه چې دا به بهرتی کیږی خو مونږ ته دې دا تر اوسه پورې اوښودلے شی چې په Merged اضلاع کښې زمونږه څومره خلقو ته روزګار ملاؤ شو، زمونږ په پولیس نظام کښې، زمونږ په ایف سی کښې څومره ځوانان بهرتی شو؟ *رات گئی بات گئی* والا خبره ده، صرف Briefing راکړے کیږی، نور په عملی میدان باندې په ګراؤنډ باندې هیڅ شے نشته دے، تین فیصد د این ایف سی ایوارډ وعده د قبائلو سره شوې وه چې قبائل 72 کاله پسمانده ساتلې شوی دی، مونږ وئیل چې مونږ ته به سالانه ایک سو ارب روپۍ ملاویږی، هغه ایک سو ارب روپۍ چرته لاړې؟ جناب سپیکر صاحب، مونږ له پنجاب یو روپۍ را نکړه، مونږ له بلوچستان یو روپۍ رانکړه، مونږ له سندھ یو روپۍ رانکړه، آیا اوس دا د چا ذمه داری جوړیږی؟ د دې ایک سو ارب روپو حساب به مونږ قبائل پخپله ډنډی راواخلو اسلام آباد ته به لاړ شو، صوبائی ګورنمنټ دې مونږ استعمال کړی، د قبائلو ممبران دې استعمال کړی او اپوزیشن ته به مونږه جرګه اوکړو، مونږ به په جرګه باندې لاړ شو خو زمونږ سره به صوبائی ګورنمنټ اودریږی، دا زمونږه ایک سو ارب روپۍ چې کومې سالانه دی، زمونږ د قبائلو د مسئلو حل په این ایف سی ایوارډ کښې دے، تر څو پورې د این ایف سی ایوارډ پیسې مونږ ته نه وی ملاؤ شوی، د صوبې وسائل Already محدود دی، د اتیا لکهه قبائلو بوجهه نور هم په صوبه باندې رااوغورزیدو نو آیا صوبائی ګورنمنټ به د کوم طرف نه دا قبائل Facilitate کوی، د دوئ کارونه به روانیږی؟ جناب سپیکر صاحب، ډیر زیات په معذرت سره د دریو کالونه زمونږه د لیویز، خاصه دار فورس تریانوے ورځې دهرنا د دې اسمبلۍ مخې ته ورکړې ده، مونږه ورغلی یو، مونږ ورسره مذاکرات کړی دی، په دې خبره او په دې وعده باندې مونږه پاڅولی دی چې په دوه میاشتو کښې به ستاسو مسئله حل کیږی۔ زما د شهداء پیکج ما ته نه ملاویږی، زما د ډسترکټ لیویز، خاصه دار مسئله خو دې یو طرف ته شی یا دې بل طرف ته شی جناب سپیکر، هغه بله ورځ هم په حیات آباد کښې زما د کور مخې ته دهرنا ورکړې شوې ده، د خیبر، د مهمند، د باجوړ خلقو په حیات آباد

کښې زما د کور مخې ته او په باجوړ کښې زما د حجرې مخې ته دهرنا ورکړې شوې ده، نو آیا مونږ دا قبائل ټول عمر د دهرنو د پاره پیدا یو، مونږ به د خپلو مسائلو د پاره دهرنا ورکوؤ؟ تر اوسه پورې خو زمونږه صوبائی نمائندګی نه وه، اوس خو په صوبه کښې الحمد لله زمونږ نمائندګان ناست دی، دا قبائل مونږ ته وائی چې د دوئ په خلو باندې پټئ لګولې شوې دی، یو په ګراؤنډ باندې کار نشته، زه په دوه خبرو باندې خپل عوام مطمئن کوم، یا به ئے په ګراؤنډ باندې په کارونو باندې مطمئن کوم یا به زه په اسمبلئ کښې راپاځیږم زه به خبره کوم، زما عوام به هله مطمئن کیږی چې یره زما د پاره زما نمائنده لګیا دے، زما د پاره خبره کوی، دا د لیویز، د خاصه دار مسئله ده۔ جناب سپیکر صاحب، زما خصوصی تاسو ته هم ریکویسټ دے، دلته چې څوک دا خبره نوټ کوی چې دا هم نوټ شی او دا مسئله زمونږه ختم شی، زمونږ په قبائلو کښې په دې جدید دور کښې بجلی نشته دے، دا سې علاقې دی چې بجلی نشته، هسپتال نشته، سکول نشته دے، داوبو مسئله زما خرابه ده، داوبو سکیمونه په هغه طریقه باندې مونږ ته ملاؤ نه شو چې په کومه طریقه باندې ملاؤ شی، ماته روزانه او زه به ئے تاسو سره شیئر کړم، زما د حلقې نه په ما پسې خلق ویډیوګانې رالیږی چې اوس هم په موجوده حالاتو کښې زمونږ زنانه په سرونو باندې اوبه راؤړی، په دې دور جدید کښې موبائل نیټ ورک 3G & 4G په قبائلو باندې بند دے، نو آیا دا قبائل د دې پاکستان وفادار نه دی، آیا دا قبائل د دې خاورې وفادار نه دی؟ آیا دې قبائلو د دې پاکستان د سرحداتو د پاره۔۔۔۔۔

<u>جناب مسند نشین:</u> منسټر صاحب، د ټائم خیال ساته۔

<u>وزیر زکواۃ وعشر:</u> جناب سپیکر صاحب، دا زما خبره نه ده، دا د ټول Merged اضلاع خبره ده، ماله به درې منټه ټائم راکوئ جی، ماله به ټائم راکوئ، دا د ټول Merged اضلاع خبره ده، دې قبائلو پچهتر کاله دا بارډر بغیر د ایف سی نه، بغیر د آرمی نه، په خپل ټوپک او په خپل کارتوس باندې ساتلے دے، یوه لشت زمکه رانه چا د پاکستان نه ده اغستلې، نو آیا قبائلو دا قربانیانې د دې ورځې د پاره ورکولې چې زما سره به دا کیږی، په ما باندې به 4G بندیږی، په ما باندې به موبائل نیټ ورک بندیږی؟ نن سبا ټول که ایجوکیشن دے که بزنس

دے ، دا ټول په موبائل نیټ ورک باندې کیږی، په ما باندې موبائل نیټ ورک بند دے ، تر اوسه پورې خو باډر کهلاؤ وو چې یره دهشت گرد راځی، اوس خو Fencing لګیدلے دے ، ټول بارډر Seal شوے دے ، اوس څه مسئله ده؟بیا خاصکر باندې خو پریږده، مضافات خو پریږده چې زمونږ کوم باجوړ ښار دے ، هغه د ټولې ضلعې هیډ کوارټر دے ، په باجوړ ښار کښې 3G, 4G د دریو څلورو میاشتو نه بنده ده، نو آیا مونږه خپلو عوامو ته، خپل اولس ته مونږه کوم پیغام ورکوؤ؟ یو خو دې په دې باندې فوراً ایکشن واغستلے شی جناب سپیکر، زمونږ د آبادئ لحاظ سره چې کوم تین فیصد این ایف سی، صوبې ته چې په این ایف سی ایوارډ کښې کومه حصه ملاویږی، دا دې Population wise ورکړے شی۔ جناب سپیکر، زمونږ د صوبې چار کروړ آبادی ده، پنځه لاکه خو حساب شوے دے خو هغه غلطه سروے شوې ده، زمونږ خلق آئی ډی پیز وو، زمونږه اسی (80) لاکه قبائل دی، زه د صوبې پنځمه حصه یم، ماته دې د آبادئ په لحاظ باندې چې کوم حق د مرکز نه صوبې ته ملاویږی، ماته دې د پاپولیشن په لحاظ باندې او د آبادئ په لحاظ باندې خپل حق ملاؤ شی چې په دې باندې قبائلی ممبران هیڅ قسمه Compromise ته تیار نه دی۔ جناب سپیکر صاحب، قبائلو ډیرې زیاتې سختې تیرې کړې دی، ډیر زیات تکلیفونه ئے تیر کړی دی او زه خپل د اپوزیشن وروڼو ته، خپلو خوئیندو ته، د دوئ نه هم د دې یوې خبرې دا زما حق دے ، دا ورته زما التجاء ده، دا ورته زما ریکویسټ دے چې کله زمونږه په فیډرل کښې حکومت وو نو زمونږه خور نګهت یاسمین اورکزئی صاحبه ده یا چې زمونږه Overall څومره ممبران دی، ډیر زیات تنقید به ئے په مونږه باندې کولو، خو چې د کله نه دا امپورټډ حکومت راغلے دے ، د Merged اضلاع په بجټ باندې کټ لګولے دے ، د صحت انصاف کارډ د ختمولو لیټر راغلے دے ، د اپوزیشن یو کس هم نه راپاڅیږی، یو خبره هم نه کوی۔ بیا چې په دې ملک باندې دا کومه گرانی او دا کومه مهنګائی راغلې ده، زما د میډیا وروڼره ناست دی، د میډیا وروڼو به مائیک راغستلے وو، د اوړو، د ټماټرو، د آلوګانو، د چینو او د غوړو ریټونه به ئے معلومول، دا لفافه میډیا خو اوس ما اونه لیدله چې بازار ته لاړه او د یو عام چهابړی والا نه ئے تپوس اوکړو چې یره

ستا ژوند څنګه تیریږی، ستا ژوند په کومه طریقه باندې تیریږی؟ د لسو کالو خبره شوې وه چې په لس کاله کښې به Step by step دا سسټم راځی، زما نه ایم این اے ګان کټ شو، ایم این اے ګان لاړل، پکار ده چې د آبادئ په لحاظ باندې زما صوبائی سیټونه زیات شوی وے، زما صوبائی سیټونه هم زاړه په زاړه باندې پاتې شو، ایم این ایز هم رانه لاړل، د دې خبرې د پاره به مونږه په پر زور الفاظو کښې مذمت کوؤ۔ نور جناب سپیکر صاحب، ستاسو ډیره مهربانی، ډیره مننه، پټرول او ډیزل خو Overall په ټول پاکستان کښې ګرانی راغلې ده، ترڅو پورې چې دا امپورټډ حکومت ناست وی، دا ګرانی به نوره هم مخکښې ځی خو زما اول د خپلې صوبې سره حق دے، ماته چې کوم سکیمونه راکړی شوی دی، ما سره دې پرې مشاورت اوکړے شی، کوم چې تیر د امبریله اے ډی پی چې کوم سکیمونه راغلی وو نو زما هغه امبریله سکیمونه چرته لاړل، چرته هغه پیسې اولګیدلې؟ بل یو ممبر ته هم دا خبره اونه شوه چې آیا تاته د کوم سکیم ضرورت دے، تاته په کوم سکیم کښې پیسې پکار دی؟ جناب سپیکر صآحب، زه کیبنټ ممبر یم او ډیر په افسوس سره دا خبره کوم، انتهائی مجبوره شوم دا خبره کوم، په 2018ء کښې زما روډونه شروع شوی دی، تین تین او چار چار کلومیټر روډ په 2018ء کښې، دا زه د 23-2022ء بجټ پاس کوم، زما روډونه په کهنډراتو کښې تبدیل پراته دی، پیسې پکښې نه ریلیز کیږی، اوس زما درې روډونه روان دی، ایک ارب بتیس کروړ روپۍ Estimate ئے دے، جناب سپیکر، په دې ایک ارب بتیس کروړ کښې څومره ریلیزز شوی دی؟ صرف چار کروړ روپۍ، دا د افسوس خبره ده او که نه ده؟ د 2018ء نه چې زما په کومو روډونو باندې کار روان دے، زه یو ځل منسټر ته ژاړم، یو ځل اے سی ایس ته ژاړم، یو ځل سیکرټری ته ژاړم، قبائلو ټول عمر په ژړا کښې تیر کړے دے، جناب سپیکر صاحب، نور مونږ نه شو ژړلے، د خپل حق د پاره به آواز پورته کوم، د خپل حق د پاره به په هر فورم باندې پاڅیږم، په هر ځائې به پاڅیږم او زما سره چې کومه منسټری ده، دا زما منسټری په قبائلو باندې قربان، (تالیاں) دا منسټری زما د قبائلو نه زار۔ جناب سپیکر صاحب، تر څو پورې چې د قبائلو د ممبرانو سره باقاعده میټنګ نه وی شوے او زه ئے په دې خپلو منصوبو باندې نه یم پوهه کړے، په تیر بجټ کښې زما

څومره پیسې خرچ شوی دی او چرته خرچ شوی دی؟ اوس به ماته څومره پیسې ملاویږی او چرته به خرچ کیږی؟ تر هغې پورې به د بجټ اجلاس نه زمونږ د قبائلی ممبرانو بائیکاټ وی، مونږه د بجټ نه لاس وینځلے دے۔

(اس مرحلہ پر قبائلی اضلاع کے اراکین اسمبلی سے واک آؤٹ کر گئے)

ایک رکن: جناب سپیکر، کورم۔۔۔۔۔

(اس مرحلہ پر کورم کی نشاندہی کی گئی)

جناب مسند نشین: اختیار ولی صاحب، کورم کی نشاندہی کی گئی، تاسو کورم اوګورئ، کورم چیک کړه، څومره دی او مو شمیرل؟ Quorum incomplete دے، دو منٹ کے لئے گھنٹی بجائیں۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

جناب مسند نشین: Count کړئ جی۔

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب مسند نشین: ټوټل ستره (17) ممبران موجود دی۔

The sitting is adjourned till 2:00 pm, afternoon, Friday, 21st June, 2022.

---

(اجلاس بروز جمعۃ المبارک مورخہ 21 جون 2022 بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)